لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر لاہور

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعرات 15 اکتوبر 2026ء 1448ھ 3 جمادی الاول 30 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 261

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)



قیمتی پتھروں کی برآمد بڑھانے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، وزیراعظم

غیر معیاری طریقے سے کان کنی اور قیمتی پتھروں کی اسمگلنگ سے ملک کو سالانہ اربوں ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے، پاکستان کو اللہ رب العزت نے قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال کیا ہے، میاں شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قیمتی پتھروں و جواہرات کے پائلٹ پراجیکٹ کی تیاری میں سست روی اور شعبے کی ترقی کیلئے اقدامات میں تعطل پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ترجیحی بنیادوں پر معینہ مدت کے ساتھ لائحہ عمل مرتب کر کے پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیمتی پتھروں کی برآمدات بڑھانے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں۔ بدھ کو وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت قیمتی پتھروں و جواہرات کے شعبے کی ترقی اور ان کی برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات کے حوالے سے جائزہ (بقیہ نمبر 4)

ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر خیبر پختونخوا میں کاروبار معمول کے مطابق، بعض علاقوں میں جشن

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد پشاور، چترال، باجوڑ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں روزمرہ کی سرگرمیاں معمول (بقیہ نمبر 3)

صدر زرداری نے آئین کے مطابق ایمرجنسی کی منظوری دی، بلاول بھٹو

بلاول بھٹو نے وزیراعظم کو پھر پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیشکش کی تجویز دیدی، ایمرجنسی کی حمایت بھی کر دی

پی ٹی آئی والے صدر پاکستان اور پیپلز پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر آصف علی زرداری نے آئین کے مطابق ایمرجنسی کی منظوری دی، پی ٹی آئی والے صدر پاکستان اور پیپلز پارٹی کو تنقید کا نشانہ (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف زراعت، ہاؤسنگ اور ایس ایم ای (S M E) کے شعبوں کے لیے مالی وسائل تک رسائی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قومی اسمبلی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی منظوری دے دی، اپوزیشن کا احتجاج، گورنر راج نامنظور کے نعرے

قومی اسمبلی کا اجلاس سینیٹ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی منظور قرارداد

اپوزیشن کا واک آؤٹ

کے پی حکومت کا دہشت گردی کے خلاف رویہ غیر سنجیدہ تھا، سہیل آفریدی نے اپنی سیاسی کو پروان چڑھانے کو ترجیح دی، ایک سیاسی جماعت کے نظریے کی وجہ سے دہشت گردی کو ہوا ملی، اعظم نذیر تارڑ

کیا صوبائی حکومت کا فرض نہیں ہے کہ وہ جنازوں میں جائیں؟ ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ آگے بڑھنا چاہتے تھے، دوسری طرف سے بانی کی رہائی اور ان سے ملاقاتوں کا مطالبہ کیا جاتا رہا، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی قومی اسمبلی نے اپوزیشن کے شدید احتجاج اور حکومت مخالف کے باوجود صوبہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے متعلق قرارداد کثرت رائے سے منظور کر لی ہے جبکہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پی حکومت (بقیہ نمبر 1)

پاکستان کثیر جہتی نظام اور قائمی تعاون میں فعال کردار ادا کر رہا ہے

وزیر خزانہ

پاکستان علاقائی تعاون میں فعال کردار ادا کر رہا ہے اور مستقبل میں بھی یہ کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے، سینیٹر اورنگزیب

اصلاحات کا عمل جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں، رواں مالی سال معاشی شرح نمو چار فیصد سے زیادہ رہنے کی امید ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کثیر جہتی نظام سے پاکستان کی وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان علاقائی تعاون میں فعال کردار ادا کر رہا ہے اور مستقبل میں بھی یہ کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ وہ بنکاک (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سلطنتِ عمان کے وزیرِ خارجہ سید بدر بن حمود البوسعیدی مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

یورپی کمشنر کی صدر سے ملاقات، غیر قانونی تارکین وطن کو روکنے کیلئے پاکستان کی کوششوں کی تعریف

پاکستان خطے کا واحد ملک ہے جس نے غیر ملکی نقل مکانی میں اس قدر کمی کی، صدر زرداری کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت سے یورپی کمشنر برائے داخلہ امور میگنس برونر نے ایوان صدر میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع (بقیہ نمبر 10)

باڑہ بازار میں پولیس نے سیکیورٹی سنبھال لی

پشاور (این این آئی) سی سی پی او پشاور میاں سعید نے کہا ہے کہ خیبر کے باڑہ بازار میں پولیس نے سیکیورٹی سنبھال لی ہے۔ (بقیہ نمبر 11)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران کے خلاف مزید کارروائی کا عندیہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال کانفرنس کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور عمان کا خطے میں امن کیلئے ملکر کام کرنے پر اتفاق

پاکستان اور عمان کے درمیان دوطرفہ تجارت، اقتصادی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، اسحٰق ڈار

پاکستان اور عمان کو علاقائی امن کے لیے فعال کردار ادا کرنا اور جاری تنازعات کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنی چاہئیں، نائب وزیراعظم

عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی کی علاقائی سطح پر مذاکرات اور سفارت کاری کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور عمان کے درمیان دوطرفہ تجارت، اقتصادی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں جن سے استفادے کے لیے مسلسل رابطے اور باقاعدہ مشاورت ضروری ہے، پاکستان اور عمان کو علاقائی امن کے لیے فعال کردار ادا کرنا اور جاری تنازعات کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنی چاہئیں جبکہ عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی نے علاقائی سطح پر مذاکرات اور سفارت کاری کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہتے (بقیہ نمبر 5)

خیبر پختونخوا، سابق کابینہ اراکین کے پاس سرکاری گاڑیاں ہونے کا انکشاف

پشاور (این این آئی) سابق خیبر پختون خوا کابینہ کے اراکین کے زیر استعمال سرکاری گاڑیاں تاحال واپس نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی حکو (بقیہ نمبر 7)

وزیر خزانہ سے امریکی محکمہ خارجہ کے سفیر کی ملاقات

ملاقات میں دوطرفہ معاشی تعاون بارے تبادلہ خیال

منصوبے کی سلامتی اور نجی سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیل سے روشنی ڈالی

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے بدھ کو امریکی محکمہ خارجہ کے سفیر یون نے ملاقات کی جس دوران دوطرفہ معاشی تعا (بقیہ نمبر 6)

پرا سیکیوٹر جنرل و ڈپٹی چیئرمین نیب کی تعیناتی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے پراسیکیوٹر (بقیہ نمبر 8)

آرڈر کا انتظار کریں، بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیس کی سماعت مکمل

وفاقی آئینی عدالت نے سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیس میں سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دیدیا۔ وفاقی آئینی (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے سعودی عرب کے وفد کے ہمراہ ملاقات کرتے ہوئے

قومی اسمبلی، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی سے متعلق قرارداد بحث کیلئے پیش کرنے کیلئے وقفہ سوالات معطل کر نے کی قرارداد منظور

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی (بقیہ نمبر 15)

وزیراعظم کا پوپ لیو کی سرجری کے بعد ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مسیحوں کے روحا (بقیہ نمبر 16)

واشک سیکیورٹی فورسز کا آپریشن 5 دہشتگرد ہلاک 4 زخمی

صدر، وزیراعظم و وزیر داخلہ کا فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، ملک سے دہشت گردی کی برائی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بھرپور قومی حمایت اور پوری قوت سے جاری رہیں گی، بیان

آپریشن ردالفتنہ 3 میں حصہ لینے والے وطن کے جری جوانوں کی بروقت اور موثر کارروائیاں ملکی بقا اور قومی سلامتی کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کی واضح عکاس ہیں

واشک / اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے پلانٹک میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 5 دہشتگرد ہلاک اور چار زخمی ہوگئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی نے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، ملک سے دہشت گردی کی برائی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بھرپور قومی حمایت (بقیہ نمبر 14)

باڑہ بازار میں پولیس نے سیکیورٹی سنبھال لی

پشاور (این این آئی) سی سی پی او پشاور میاں سعید نے کہا ہے کہ خیبر کے باڑہ بازار میں پولیس نے سیکیورٹی سنبھال لی ہے۔ (بقیہ نمبر 11)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران کے خلاف مزید کارروائی کا عندیہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف (بقیہ نمبر 12)

وزیر خزانہ کی ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے نمائندوں سے ملاقات

پاکستان کی معاشی پیش رفت و خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کے امکانات بارے تبادلہ خیال

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے بدھ کو ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے نمائندوں سے ملاقات کی جس دوران پاکستان (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری قومی اسمبلی میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے

خیبر پختونخوا میں 30 ڈاکٹرز برطرف، 6 افغان ڈاکٹرز کو فوری پاکستان چھوڑنے کا حکم

تمام ڈاکٹروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے تھے، ذاتی سماعت کا موقع دینے کے بعد کارروائی مکمل کی گئی

برطرف کیے گئے ڈاکٹروں پر پی ایم ڈی سی کی جعلی رجسٹریشن اور غیر قانونی تقرریوں کے الزامات تھے، محکمہ صحت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں 30 ڈاکٹروں کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا جبکہ سیدو شریف ہسپتال میں 6 افغا (بقیہ نمبر 19)

روس اور یوکرین توانائی کی تنصیبات پر حملے روکنے کے لیے جنگ بندی پر متفق ہو گئے، ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ روس اور یوکرین توانائی کی تنصیبات پر حملے روکنے (بقیہ نمبر 18)

دیر میں موسم سرما کی پہلی برفباری سے سردی کی آمد، گرم ملبوسات کا استعمال شروع

اپر دیر/ لوئر دیر (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع دیر بالا اور دیر لوئر کے شہری علاقوں میں بارش جبکہ پہاڑوں پر موسم سرما (بقیہ نمبر 20)

سعودی ہوائی اڈوں پر حملوں کے بعد پاکستانی پروازیں متاثر، 114 منسوخ

ریاض ایئرپورٹ کی بندش کے باعث بھی پاکستان سے ریاض جانے اور آنے والی 28 پروازیں منسوخ

ملتان، کراچی (این این آئی) سعودی عرب کے ہوائی اڈوں پر حوثی حملوں کے باعث فضائی آپریشن محدود ہونے سے پاکستان کی پروازوں کا شیڈول بھی شدید متاثر ہوا (بقیہ نمبر 21)

جنرل فیض باجوہ بیٹھے تھے دہشتگردوں کو واپس لانے کیلئے ہمیں قائل کرنے کی کوشش کی گئی

خواجہ آصف

شادیوں میں میراثی اتنی تعریف نہیں کرتے جتنی بطور وزیراعظم عمران خان سابق آرمی چیف قمر جاوید باجوہ کی کیا کرتے تھے، وزیر دفاع

ہم نے نواز شریف اور شہباز شریف کی رہائی کو کبھی ایشو نہیں بنایا، ہمارا مسئلہ صرف دہشت گردی کا ہے، وزیراعلیٰ کو سیاست کی فکر تھی، لیز پر آنے والا وزیراعلیٰ اپنی لیز کنفرم کروانا چاہتا تھا، قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے جنرل (ر) فیض حمید اور سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ یہاں بیٹھے ہوتے تھے، ہمیں قائل کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی کہ ان دہشت گردوں کو واپس لایا جائے تو فائدہ ہوگا، ہم نے نواز شریف اور شہباز شریف کی رہائی کو کبھی ایشو نہیں بنایا، ہمارا مسئلہ صرف دہشت گردی کا ہے، وزیراعلیٰ کو سیاست (بقیہ نمبر 22)

خیبر پختونخوا میں 30 ڈاکٹرز برطرف

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں 30 ڈاکٹروں کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا جبکہ سیدو شریف ہسپتال میں 6 افغا (بقیہ نمبر 19)

پنجاب اسمبلی میں مصنوعی ذہانت کا نظام، اے آئی چیٹ بوٹ تیار

سپیکر ملک محمد احمد خان کی ہدایت پر پارلیمانی امور کے لیے مخصوص اے آئی پلیٹ فارم

قانون سازی اور ریسرچ کیلئے محفوظ اے آئی نظام، پی آئی ٹی بی سے بھی معاونت کا فیصلہ

لاہور (زیڈ این این) پنجاب اسمبلی کو جدید ترین مصنوعی ذہانت (AI) سے منسلک کرنے کے منصوبے پر عملی پیشرفت کا آغاز ہو گیا ہے، جس کے تحت اسمبلی کے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ نے خصوصی اے آئی چیٹ بوٹ تیار کر لیا ہے۔ تیار کردہ چیٹ بوٹ کو جلد ہی اسمبلی (بقیہ نمبر 32)

ایل این جی کا پہلا کارگو پاکستان پہنچ گیا، سردیوں میں گیس بحران کا خدشہ برقرار

موسم سرما میں گیس کی طلب 2 ہزار ملین مکعب فٹ یومیہ سے تجاوز کرنے کا امکان، صنعتوں، سی این جی اور سیمنٹ سیکٹر کو فراہمی متاثر ہونے کا اندیشہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کو اکتوبر میں قطر سے مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کا پہلا کارگو موصول ہو گیا ہے، تاہم موسم سرما 2026-27 کے دوران (بقیہ نمبر 23)

ریکیاوک: وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک آئس لینڈ میں آرکٹک سرکل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے

چین ہمیشہ ترقی پذیر ممالک کا قابل اعتماد دوست رہے گا، چینی وزیراعظم

بیجنگ (این این آئی) چین کے وزیراعظم لی چھیانگ نے کہا ہے کہ چین ہمیشہ ترقی پذیر ممالک کا قابل اعتماد دو (بقیہ نمبر 24)

سولہواں چائنا ایئر شو جوہائی میں منعقد ہوگا

بیجنگ (این این آئی) سولہواں چائنا انٹرنیشنل ایوی ایشن اینڈ ایرو اسپیس ایگزیبیشن یعنی چائنا ایئر شو 7 سے 13 دسمبر 2026 تک چین کے صوبے گوانگ ڈونگ کے (بقیہ نمبر 25)

آغا حسن کی جمعہ کے خطبوں کو کنٹرول کرنے کے بی جے پی کے اقدام کی مخالفت

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جمو (بقیہ نمبر 26)

بینکاک: وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب، مالیاتی شرائط اور ضمانتی معاونت پر بات چیت کے لیے MIGA کے مینجنگ ڈائریکٹر مسٹر سوٹو مویاما موتو سے ملاقات کر رہے ہیں

سندھ کی جامعات اور چینی یونیورسٹیوں کے درمیان تعلیمی تعاون بڑھانے پر اتفاق

سندھ میں 60 سے زائد جامعات اور تکنیکی تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں، جہاں سے ہر سال دو لاکھ سے زائد طلبہ فارغ التحصیل ہوتے ہیں، مراد علی شاہ

وزیراعلیٰ کا سینٹرل چائنا نارمل یونیورسٹی کا دورہ، طلبہ و اساتذہ کے تبادلے، مشترکہ تحقیق اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کی تجاویز

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ کی جامعات اور چین کی سینٹرل چائنا نارمل یونیورسٹی کے درمیان تعلیمی و ثقافتی روابط کو وسعت دینے، طلبہ و اساتذہ کے تبادلے، مشترکہ تحقیقی منصوبوں اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ تعلیم قوموں کے درمیان ایک اہم پل ہے اور پاکستانی و چینی جامعات کے مضبوط روابط نوجوانوں کو ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے اور مشترکہ چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے بہتر مواقع فراہم کر سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے یہ بات چین کے دورے کے دوران سینٹرل چائنا نارمل یونیورسٹی آمد پر یونیورسٹی کی قیادت، اساتذہ اور متعلقہ حکام سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ا سندھ حکومت تعلیم کے شعبے میں ڈیجیٹل خواندگی، فنی تربیت، تحقیقی سرگرمیوں اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

احتجاج کو دبانے کیلئے جابرانہ ہتھکنڈوں کے بعد مودی حکومت کو عالمی سطح پر شدید تنقید کا سامنا

بھارت میں 13 کروڑ سے زائد ووٹروں کے نام خارج کرنا مودی حکومت کو مہنگا پڑنے لگا

دہلی پولیس پرامن احتجاج کے جواب میں حد سے زیادہ طاقت استعمال کر رہی ہے: ہیومن رائٹس واچ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں بی جے پی کو فائدہ پہنچانے کیلئے ووٹر فہرستوں میں ہیرا پھیری اور 13 کروڑ سے زائد ووٹروں کے نام خارج کرنا مودی حکومت کو مہنگا پڑ رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ہیومن (بقیہ نمبر 28)

بھارت کی 6G کی تیاری، مقبوضہ جموں و کشمیر کے مختلف علاقے بنیادی موبائل رابطے سے بھی محروم

سرینگر (این این آئی) بھارت ایک طرف جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں تیزی سے ترقی کے دعوے کر رہا ہے اور 6G ٹیکنا (بقیہ نمبر 30)

مودی کی کارستانی، مقبوضہ کشمیر جیسے جابرانہ ہتھکنڈے نئی دہلی پہنچ گئے

بھارتی مسلح فورسز کی بھاری تعیناتی کے بعد نئی دہلی فوجی چھاؤنی کا منظر پیش کرنے لگی

۔اپوزیشن نے مودی حکومت پر نئی دہلی کو ایک فوجی قلعے میں تبدیل کرنے کا الزام عائد

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی فوجی چھاؤنی کا منظر پیش کر رہی ہے جہاں مودی حکومت نے احتجاجی مظاہروں کو دبانے کے لیے سینٹرل آرمڈ پولیس فورس (سی اے پی ایف) کی تعیناتی 20 اکتوبر تک بڑھا دی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس (بقیہ نمبر 31)

بھارتی پنجاب میں ووٹ چوری اور اداروں پر قبضے کا مودی حکومت کا منصوبہ بے نقاب

بی جے پی کی انتخابی مشینری کے توسیعی تنظیموں کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے

رپورٹس کے مطابق 2014 کے بعد سیاست دانوں کے خلاف ای ڈی کے مقدمات کی تعداد گزشتہ دہائی کے مقابلے میں چار گنا بڑھ گئی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی پنجاب میں مودی حکومت کی جانب سے اداروں پر قبضے، ووٹوں میں ردوبدل اور تحقیقاتی اداروں کے ذریعے خوف و دہشت پھیلانے کی حکمت عملی ایک بار پھر بے نقاب ہو گئی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق پنجاب کے وزیر خزانہ ہرجیجن سنگھ چیمہ نے 24 ستمبر 2026 کو چندی گڑھ میں بی جے پی کی زیر قیادت بھارتی حکومت کی انتخابی حکمت عملی پر سخت تنقید کی۔ اپوزیشن کی حکومت والی ریاستوں میں انتخابات قریب آتے (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

عوام آپ کو نہیں جانتے سب سے پہلے مجھے گالی پڑتی ہے، وزیر ریلوے افسران پر برہم

وزیر ریلوے حنیف عباسی کا رحمان بابا ٹرین حادثے کی جگہ کا دورہ، ناقص سلیپرز کی خریداری پر انکوائری کا حکم

سلیپرز کی فراہمی میں ایک کمپنی کی اجارہ داری قبول نہیں، متبادل ذرائع تلاش اور ٹینڈر کی شرائط تبدیل کی جائیں

آٹھ سال میں کنکریٹ کا سلیپر ٹوٹتا ہے، انگریز کا ڈالا ہوا تو نہیں ٹوٹا، جو ذمہ دار ہے وہ سیدھا پھانسی پر جائے، میں کیوں جاؤں، گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے رحمان بابا ٹرین حادثے کی جگہ کا دورہ کرتے ہوئے محکمہ ریلوے کے افسران کی کارکردگی پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور ووڈن سلیپرز کے ناقص ہونے، ان کی عدم دستیابی اور خریداری کے عمل میں مبینہ اجارہ داری کے معاملے پر سخت سوالات اٹھائے۔ وزیر ریلوے نے کنکریٹ کے سلیپرز کے معیار پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے ہدایت کی کہ 2021ء میں جو بھی ذمہ دار افسر تعینات تھا اس کی نشاندہی کریں اور اس کے خلاف انکوائری کریں۔ دورے کے دوران افسران سے گفتگو کرتے ہوئے حنیف عباسی (بقیہ نمبر 38)

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہونے والی انٹر تحصیل ڈریگن گرلز چیمپیئن شپ کا انعقاد

ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہونے والی انٹر تحصیل ڈریگن گرلز چیمپیئن شپ کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب ب (نمائندہ روزنامہ سحر) ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہونے والی انٹر تحصیل ڈریگن گرلز چیمپیئن شپ کا انعقاد کیا گیا، چیمپئن شپ میں تحصیل شاہ کوٹ کی ٹیم نے پہلی پوزیشن حاصل کر لی، تحصیل ننکانہ صاحب کی ٹیم نے دوسری پوزیشن حاصل کی، جمنیزیم ہال شاہ کوٹ میں صدر ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو محمد نعمان کی سربراہی میں ہونے والی چیمپئن شپ میں ننکانہ صاحب اور اس کی تین تحصیلوں سے ستر سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا، فائنل مقابلوں میں تحصیل شاہ کوٹ کی ٹیم نے پہلی جبکہ تحصیل ننکانہ صاحب کی ٹیم نے دوسری پوزیشن حاصل کی، چیمپئن شپ کا مقصد لڑکیوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

ریجنل پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ سکول، پولیس اسٹیشن اے ڈویژن اوکاڑہ میں شہریوں کے لیے ڈرائیونگ کورسز کا آغاز کر دیا گیا، فرزانہ نذر

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) انچارج ٹریفک ڈرائیونگ ٹریننگ سکول سنٹر انسپکٹر فرزانہ نذر اور نائب انچارج شمشاد احمد نے میڈیا سے بات کرتے کہا کے پنجاب پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ سکول، پولیس اسٹیشن اے ڈویژن اوکاڑہ میں شہریوں کے لیے ڈرائیونگ کورسز کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انچارج ٹریفک سکول انسپکٹر فرزانہ نذر نائب انچارج شمشاد احمد نے بتایا کہ پنجاب پولیس اور ٹریفک پولیس پنجاب کے ویژن ''محفوظ ڈرائیونگ، محفوظ مستقبل'' کے تحت شہریوں کو تجربہ کار انسٹرکٹرز کی نگرانی میں ڈرائیونگ سکھائی جا رہی ہے۔ سکول میں ماہر انسٹرکٹرز، حقیقی گاڑیوں پر پریکٹیکل تربیت، ٹریفک قوانین کی مکمل آگاہی اور حفاظتی ڈرائیونگ کے اصولوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ خواتین کی سہولت کے لیے لیڈیز انسٹرکٹر بھی موجود ہے تاکہ خواتین باعزت اور محفوظ ماحول میں ڈرائیونگ سیکھ سکیں۔

اوکاڑہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی ساہیوال ریجن کی گزشتہ ماہ کی کارکردگی رپورٹ جاری سیف سٹی کوریج ایریاز میں جرائم برخلاف املاک میں 34 فیصد کمی، ایس ایس پی ساہیوال ریجن نصر اللہ وڑائچ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی ساہیوال ریجن کی گزشتہ ماہ کی کارکردگی رپورٹ کے مطابق، سیف سٹی اتھارٹی، کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی پولیس کی مشترکہ کاوشوں سے اوکاڑہ سمیت ریجن کے سیف سٹی کوریج ایریاز میں جرائم برخلاف املاک میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 34 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق سیف سٹی کی جدید نگرانی اور بروقت نشاندہی کی بدولت سی سی ڈی اور مقامی پولیس نے 12 جرائم پیشہ گینگز کے 32 ارکان کو گرفتار کیا، جبکہ ملزمان سے ایک کروڑ 49 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مسروقہ مال برآمد کیا گیا۔ سیف سٹی کی معاونت سے 174 مقدمات بھی ٹریس کیے گئے ایس ایس پی نصر اللہ وڑائچ کا کہنا ہے کہ شہریوں کی سہولت اور عوامی خدمت کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت سامنے آئی، جہاں 128 گمشدہ افراد اور بچوں کو بحفاظت ان کے اہلِ خانہ سے ملایا گیا، جبکہ ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن کے ذریعے خواتین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

باثر افراد کا سرکاری اہلکاروں کے ہمراہ نابینا شخص کے مکان پر قبضہ کی مبینہ کوشش، نابینا شخص کا دیگر نابینا افراد کے ہمراہ احتجاج

پاکپتن (نامہ نگار) باثر افراد کا سرکاری اہلکاروں کے ہمراہ نابینا شخص کے مکان پر قبضہ کی مبینہ کوشش، نابینا شخص کا دیگر نابینا افراد کے ہمراہ احتجاج کاروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق پاکپتن کی تحصیل عارفوالا کے علاقہ 53 ایس پی کے رہائشی انھوں سے معذور اللہ دتہ ولد کرم دین رحمانی نے مختلف اداروں کو دی گئی درخواست اور میڈیا کو احتجاج ریکارڈ کرواتے ہوئے الزام عائد کیا کہ نائب تحصیلدار عارفوالا صفدر بھٹی کانوگو اور اسد زمان پٹواری دیگر دو کس نامعلوم شخص افراد کے ہمراہ میرے مکان شاہنواز کالونی عارفوالا پر آ گئے اور قبضہ کی کوشش کی، مذکورہ افراد نے دستک دے کر گھر کھلوایا اور گھر میں موجود کرائے دار خواتین کو حراساں اور پریشان کیا مکان پر قبضہ کی کوشش کی، شور واویلا پر گواہان موقع پر آ گئے، جنہوں نے یہ واقع خود دیکھا، نابینا اللہ دتہ کے مطابق میرے پاس صوبائی حکومت کا 8 مرلے پختہ مکان ہے جس کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

ماڈل تھانہ سمبڑیال ایس ایچ او میاں غازی رزاق کی بچی اور بچے کے ساتھ بدفعلی کرنے والے ملزمان کے خلاف بروقت کاروائی ملزمان گرفتار مقدمہ درج

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر) ماڈل تھانہ سمبڑیال ایس ایچ او میاں غازی رزاق کی بدفعلی کرنے والے ملزمان کے خلاف بروقت کاروائی ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال میاں غازی رزاق نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے کمسن بچے کے ساتھ بدفعلی کرنے والے درندوں کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزمان کی شناخت علی ولد عاشق قوم میو سکنہ محلہ شیر آباد شاہد ولد کا کا قوم ملک تیلی سکنہ محلہ واٹر ورکس دوسری کاروائی کے دوران ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال نے کمسن بچی کے ساتھ بدفعلی کرنے والے ملزمان کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزم کی شناخت محمد عباس ولد محمد حسیب قوم پٹھان سکنہ حال مقیم محلہ فضل پورہ سمبڑیال کے نام سے ہوئی ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال میاں رزاق نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام دوسری قومی ریاضی کانفرنس کا شاندار انعقاد

ننکانہ صاحب ب (نمائندہ روزنامہ سحر) بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام دوسری قومی ریاضی کانفرنس کا شاندار انعقاد، ملک بھر سے 70 جامعات کے 100 سے زائد اساتذہ، محققین اور طلباء ل وطالبات نے تحقیقی مکالے پیش کیے، کانفرنس کے شرکاء ل کا ریاضی کونسل بنانے اور ریاضی کے نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کا مطالبہ،

دوسری قومی ریاضی کانفرنس کا شاندار انعقاد، ملک بھر سے 70 جامعات کے 100 سے زائد اساتذہ، محققین اور طلباء ل وطالبات نے تحقیقی مکالے پیش کیے، کانفرنس کے شرکاء ل کا شاندار کانفرنس کے انعقاد پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد عمران اور چیئرپرسن شعبہ ریاضی ڈاکٹر شاہد مبین کو خراج (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

صفائی آپریشن کا جائزہ صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے بیٹ سسٹم کا جلد نفاذ یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات، کوڑا کرکٹ اٹھانے کے عمل اور صفائی عملے کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ اریج علی حیدر گوندل، سارکو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او جہانگیر حسین اور تحصیل مینیجر ارسلان احمد بھی ان کے ہمراہ

موجود تھے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی سپورٹس کمیٹی کا اجلاس، سال 27-2026ء کی کھیلوں کیلئے مختلف مقامات کا تعین

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین کی ہدایات پر تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی سپورٹس کمیٹی (مردانہ) برائے سال 27-2026ء کا اجلاس پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج سمن آباد و صدر سپورٹس کمیٹی ڈاکٹر محمد عالم کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں تعلیمی بورڈ فیصل آباد کے ڈائریکٹر سپورٹس میاں محمد شکیل، پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج گوجرہ حق نواز دانش اور دیگر متعلقہ افسران و اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں سال 27-2026ء کے دوران منعقد ہونے والے مختلف کھیلوں کے مقابلہ جات کے انتظامات، کھیلوں کے انعقاد کے لیے موزوں مقامات (وینیوز) کے انتخاب اور دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے کھیلوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

عارف والہ ساہیوال روڈ پر ون وے کی خلاف ورزی نے نوجوان کی جان لے لی

عارف والہ (کرائم رپورٹر) نوجوان جان کی بازی ہار گیا، تفصیل کے مطابق، عارف والہ ساہیوال روڈ پر ون وے کی خلاف ورزی نے نوجوان کی جان لے لی، ٹریفک حادثہ میں زخمی نوجوان دم توڑ گیا، 23 سالہ متوفی نوجوان کی دو روز بعد شادی تھی، خوشیوں بھرے گھر کو کیسی نظر لگ گئی، محمد انصر ولد محمد عاشق سکنہ چک 141 ای بی شادی سے قبل موٹر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

سبزیوں سے لدی مزدا گاڑی تالاب میں الٹ گئی، 2 افراد جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سبزیوں سے لدی مزدا گاڑی تالاب میں الٹ گئی، 2 افراد جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق پسرور کے علاقے نور پور کلاسوالہ روڈ پر تیز رفتاری کے باعث سبزیوں سے لدی مزدا گاڑی بے قابو ہو کر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں۔ گذشتہ روز محمد شعیب منڈیالہ روڈ چوک کے قریب موٹر سائیکل کھڑی کر کے کسی کام چلا گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ کوٹلی ناگرہ کے زمیندار محمد جاوید کے کھیتوں میں لگے ٹرانسفارمر کا تانبا چوری ہو گئی۔

مبینہ طور پر سبق یاد نہ کرنے پر ٹیچر نے طالبعلم کو بدترین تشدد کا نشانہ بنا دیا

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) مبینہ طور پر سبق یاد نہ کرنے پر ٹیچر نے طالبعلم کو بدترین تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز نواحی گاؤں شیبتے ویراں کے تیرہ سالہ محمد مبین کو سبق یاد نہ کرنے پر اُسکے ٹیچر موضع بلووالی کے امانت علی نے زبردست تشدد کا نشانہ بنایا جس سے بچے کی حالت بگڑ گئی۔ واہنڈو پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

معمولی تلخ کلامی پر آٹھ افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو شدید زخمی کر دیا

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) معمولی تلخ کلامی پر آٹھ افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو شدید زخمی کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ چند روز قبل نواحی گاؤں ستو کے تنویر احمد اور زین علی وغیرہ میں تلخ کلامی ہوئی۔ گذشتہ روز اسی بنا پر زین علی، عامر، مہتاب، بلال اور چار نامعلوم افراد تنویر احمد کے گھر کے باہر فائرنگ کر رہے تھے کہ منع کرنے پر ملزمان نے گھر میں گھس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

ڈسٹرکٹ کنوینر آفیسر محکمہ جنگلات اوکاڑہ محمد افضل نے نیولکڑ منڈی کے تاجران سے رجسٹریشن کے حوالے سے اہم ملاقات کی

اوکاڑہ (بیورو چیف شیخ حمزہ طارق) ڈسٹرکٹ کنوینر آفیسر محکمہ جنگلات محمد افضل (DCF)، عرفان امین (ACF) اور مرزا صابر (FBO) نے نیولکڑ منڈی کے تاجران سے اہم ملاقات کی اور انہیں حکومت پنجاب کے نئے قوانین کے بارے میں تفصیلی آگاہی

فراہم کی۔ اس موقع پر محمد افضل (DCF) نے بتایا کہ حکومت پنجاب نے سال 2025 سے یہ قانون پاس کیا ہے جس کے تحت ضلع بھر میں تمام آرا مشین، لکڑی ٹال، ٹمبر ڈپو اور کوئلہ بنانے والی بھٹیوں کی رجسٹریشن کروانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس قانون کا مقصد جنگلات کا تحفظ، غیر قانونی لکڑی کی کٹائی کی روک تھام اور ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانا ہے۔ جو بھی کاروباری حضرات بغیر رجسٹریشن کے یہ کاروبار کریں گے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، بھاری جرمانے اور ان کے یونٹس کو سیل بھی کیا جا سکتا ہے۔ لہذا تمام تاجر حضرات جلد از جلد اپنے متعلقہ کاغذات کے ساتھ محکمہ جنگلات کے دفتر سے رابطہ کریں تاکہ انہیں بروقت رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کیا جا سکے۔ انہوں نے آخر میں تاجران سے اپیل کی کہ وہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

چوہدری عثمان علی گجر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کے لیگل پینل میں تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) چوہدری عثمان علی گجر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کے لیگل پینل میں تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ ان کی تقرری کی خبر سامنے آنے پر وکلاء برادری اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ چوہدری عثمان علی گجر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی اس تقرری کو ان کے لیے ایک اہم پیشہ ورانہ اعزاز قرار دیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر مختلف حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ اپنی قانونی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ مہارت اور تجربے کو بروئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کھبیکی وادی سون میں 35 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ نئی عمارت کا افتتاح کر دیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کھبیکی وادی سون میں 35 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ نئی عمارت کا افتتاح کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ چند روز قبل اِسمبلی ملک شاکر بشیر اعوان نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کھبیکی وادی سون میں 35 لاکھ روپے کی خطیر لاگت سے مکمل ہونے والے نئے تدریسی بلاک اور عمارت کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے افتتاحی تقریب میں علاقائی معززین، محکمہ تعلیم کے افسران، اساتذہ، طلبہ اور مقامی شہریوں نے شرکت کی سکول پہنچنے پر اہل علاقہ اور سکول انظامیہ کی جانب سے ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان کا پرجوش استقبال کیا گیا اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے افتتاحی تختی کی نقاب کشائی کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی ضامن ہے وادی سون کے بچوں کو جدید اور معیاری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

ضلعی انظامیہ اوکاڑہ اور ادارہ دی ماسٹر کے اشتراک سے منعقدہ ڈپٹی کمشنر گولڈ کپ اینڈ کراٹے سپر لیگ سیزن ٹو کے فائنل مقابلے اور تقریب تقسیم انعامات شاندار انداز میں منعقد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ضلعی انظامیہ اوکاڑہ اور ادارہ دی ماسٹر کے اشتراک سے منعقدہ ڈپٹی کمشنر گولڈ کپ اینڈ کراٹے سپر لیگ سیزن ٹو کے فائنل مقابلے اور تقریب تقسیم انعامات شاندار انداز میں منعقد ہوئے۔ ایونٹ کے فیصلہ کن معرکے میں اوکاڑہ کنگ اور راوی ہنٹرز کی ٹیمیں آمنے سامنے آئیں، جہاں کھلاڑیوں نے بھرپور جوش، جارحانہ حکمتِ عملی اور اعلیٰ فنی مہارت کا مظاہرہ کیا۔ سنسنی خیز مقابلے کے بعد اوکاڑہ کنگ نے اپنی سابقہ کامیابی کی روایت برقرار رکھتے ہوئے مسلسل دوسری مرتبہ چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ تقریب میں ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور چیف انسٹرکٹر شہیان ڈاکٹر محمد عارف صدیقی بھی موجود تھے۔ فائنل مقابلوں کے دوران کھلاڑیوں کی برق رفتار حرکات، دفاعی مہارت اور جارحانہ انداز نے مقابلے کو دلچسپ بنائے رکھا۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

اوکاڑہ کے نواحی گاؤں کِکری والا پنڈ میں بچوں کی لڑائی بڑوں تک جا پہنچی، دو گروپوں کے درمیان تصادم

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ کے نواحی گاؤں کِکری والا پنڈ میں بچوں کی لڑائی بڑوں تک جا پہنچی، دو گروپوں کے درمیان تصادم کے دوران ایک شخص کو لوہے کے راڈ، ڈنڈوں اور سوٹوں سے تشدد کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ تھانہ ستگھر پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی شروع کر دی۔ اوکاڑہ کے تھانہ ستگھر کی حدود میں واقع نواحی گاؤں کِکری والا پنڈ میں بچوں کے درمیان ہونے والی لڑائی نے اس وقت سنگین صورت اختیار کر لی جب معاملہ بڑوں تک جا پہنچا اور دو گروپوں کے درمیان تصادم ہو گیا۔ لڑائی کے دوران ایک شخص کو لوہے کے راڈ، ڈنڈوں اور سوٹوں سے مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا، جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا۔ واقعے کے بعد زخمی شخص کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ ستگھر پولیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول شیر گڑھ میں فائر سیفٹی پر خصوصی سیمینار کا منظر

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں صفائی ستھرائی کے انتظامات افرادی قوت اور یونین کونسل کی سطح پر نگرانی کے امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس کو ستھرا پنجاب کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں ایچ آر کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ ہوا جبکہ یونین کونسل میں یوسی سیکرٹری فوکل پرسن کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سنے

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سنے اور ان کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو قانون وضابطے کے مطابق فوری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی شکایات اور مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

اسلام محض چند عبادات اور مذہبی رسومات کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، میاں ساجد علی

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) مہر ویلفر سوسائٹی کے مرکزی صدر میاں ساجد علی نے کہا ہے کہ اسلام محض چند عبادات اور مذہبی رسومات کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات اور ہمہ گیر نظام زندگی ہے جو انسان کو اپنے خالق کے ساتھ مضبوط تعلق قائم کرنے کے ساتھ معاشرے میں عدل، مساوات، اخوت، رواداری، امن اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے اسلام کا انقلابی کردار یہ ہے کہ اس نے انسان کو رنگ، نسل، زبان، خاندان، دولت اور معاشرتی مرتبے کی بنیاد پر تقسیم کرنے کے بجائے تقویٰ، کردار اور نیک اعمال کو عزت وفضیلت کا معیار قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مثالی اسلامی معاشرے کی تشکیل اسی وقت ممکن ہے جب افراد اپنے حقوق کیساتھ فرائض کو بھی اہمیت دیں، لین دین میں دیانت داری اختیار کریں، وعدوں کی پاسداری کریں اور اختلافات کے باوجود تحمل، برداشت اور شائستگی کا مظاہرہ کریں۔ موجودہ دور میں معاشرتی انتشار، عدم برداشت، نفرت اور حقوق کی پامالی جیسے مسائل کے حل کیلئے قرآن و سنت کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

اوکاڑہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی اور آتش بازی کے خلاف سخت کارروائیاں، 2 مقدمات درج

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی اور آتش بازی کے خلاف سخت کارروائیاں، 2 مقدمات درج، دکانیں سیل اور گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول شیر گڑھ میں فائر سیفٹی پر خصوصی سیمینار، سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں حفاظتی آگاہی کا سلسلہ جاری ہے۔ شہر کے متعدد مقامات پر غیر قانونی طور پر ایل پی جی ری فلنگ شاپس اور آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والوں کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

پسرور کے علاقہ تھانہ پھلورہ کی حدود گاؤں ورسالکے میں نماز کے لیے مسجد جانے والے 85 سالہ بزرگ کو نامعلوم ملزم نے قتل کر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) 85 سالہ نذر حسین ولد عنایت اللہ الصبح نماز فجر کی ادائیگی کے لیے مسجد گیا تھا نامعلوم ملزم نے اپنی راڈ سے منہ پر وار کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ پھلورہ اعزاز بشیر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر لعش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا تھانہ پھلورہ پولیس نے قتل ہونے والے بزرگ نذر حسین کے بیٹے منظور حسین کی مدعیت میں مقدمہ درج کر دیا تھانہ پھلورہ پولیس کی ہیومن ریسورسز اور سائنٹفک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648

0321-4618852

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ نے جھوک موڑ فیصل آباد روڈ پر شہریوں کی دہلیز پر مختلف پولیس سروسز فراہم کیں۔ اہل علاقہ نے موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ کی سروسز کو خوب سراہا اور حکومت پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ عوامی خدمت کے عزم کے تحت شہریوں کی سہولیات کیلئے پولیس ورک کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کر رہی ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن سے شہریوں کو ایف آئی آر کے اندراج، ڈرائیونگ لائسنس سمیت خدمت مرکز کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

"کرائم فری پنجاب" کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن "کرائم فری پنجاب" کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 26 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 07 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ملزمان کے قبضہ سے چرس شراب برآمد کر لی گئی۔ گیس ریفلنگ، غفلت تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر، بجلی چوری پر بھکاری آرڈیننس کی خلاف ورزی ہونے پر 15 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 244 مشکوک افراد، 339 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ٹریفک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

اوکاڑہ ستھرا پنجاب ایجنسی کے تحت شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کا گرینڈ آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق اور



ڈائریکٹر ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور میجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر تحصیل بھر کے شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کا گرینڈ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے صفائی آپریشن کی قیادت ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا اور سارکو مینجنگ ڈائریکٹر ملک حسن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے ڈسکہ شہر کے مختلف علاقوں اور جامکے چیمہ کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے ڈسکہ شہر کے مختلف علاقوں اور جامکے چیمہ کا دورہ کیا

اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے گلیوں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر صفائی کی صورتحال کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صفائی آپریشن کو مزید تیز کی

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

نصرت فتح علی خان کی 78ویں سالگرہ کی تقریب ڈی جی ڈی اے ایف بطور مہمان خصوصی شریک

موسیقی کی دنیا کے بے تاج بادشاہ اور عالمی شہرت یافتہ قوال استاد نصرت فتح علی خان کی 78ویں سالگرہ کے موقع پر استاد نصرت فتح علی خان اکیڈمی لندن، فیصل آباد کے زیر اہتمام پکچرز گیلری، میونسپل لائبریری میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی

استاد نصرت فتح علی خان کی 78ویں سالگرہ کے موقع پر استاد نصرت فتح علی خان اکیڈمی لندن، فیصل آباد کے زیر اہتمام پکچرز گیلری، میونسپل لائبریری میں ایک پروقار تقریب منعقد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) موسیقی کی دنیا کے بے تاج بادشاہ اور عالمی شہرت یافتہ قوال استاد نصرت فتح علی خان کی 78ویں سالگرہ کے موقع پر استاد نصرت فتح علی خان اکیڈمی لندن، فیصل آباد کے زیر اہتمام پکچرز گیلری، میونسپل لائبریری میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دوران سالگرہ کا کیک کاٹا گیا، استاد نصرت فتح علی خان کی زندگی کی نایاب اور تاریخی تصاویر کی نمائش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق خوبصورت پنجاب مہم کو بھرپور انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے، سید حسن رضا

بہاول پور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق خوبصورت پنجاب مہم کو بھرپور انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے اور شہریوں کو تفریح کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے پارکوں کی تزئین و آرائش اور خوبصورتی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں کینال ویو پارک بہاولپور کو مزید خوبصورت اور عوام کے لیے پُرکشش بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

اوکارہ: ایم پی اے میاں محمد منیر، ڈپٹی کمشنر محمد اکرم ملک و دیگر کا کراٹے مقابلے کے شرکاء کا گروپ فوٹو

سیف سٹی اتھارٹی پاکپتن کی پانچ ماہ کی کارکردگی کی رپورٹ جاری، جرائم کی شرح میں 84 فیصد کمی 90 ہزار ای چالان جاری

پاکپتن (نامہ نگار) سیف سٹی اتھارٹی پاکپتن کی پانچ ماہ کی کارکردگی کی رپورٹ جاری، جرائم کی شرح میں 84 فیصد کمی 90 ہزار ای چالان جاری جبکہ خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے گئے، تفصیلات کے مطابق سیف سٹی اتھارٹی پاکپتن ڈی پی او آفس میں منیجر سیف سٹی علی لیمین اور آپریشنل انچارج انسپکٹر سہیل اقبال بھٹی نے پریس کلب پاکپتن کو بریفنگ دی، پریس کلب پاکپتن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

سینئر صحافی چوہدری راحیل احمد جانگیر کی اہلیہ کے انتقال پر صحافتی برادری کا اظہارِ تعزیت، ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی

شیر گڑھ (نمائندہ سحر) سینئر صحافی و بانی منڈی احمد آباد پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری راحیل احمد جانگیر کی اہلیہ کے انتقال پر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے عہدیداران، ممبران اور صحافتی برادری نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت کی ہے۔ اس سلسلے میں صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ و ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ عمران زاہد کھوکھر کی زیرِ صدارت تعزیتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صحافیوں نے شرکت کی اور چوہدری راحیل احمد جانگیر سے ان کی اہلیہ کے انتقال پر اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی۔ اجلاس میں راؤ عمران واجد ایڈووکیٹ، حاجی غلام یسین کھوکھر، حاجی عامر سجاد، سردار مہتاب احمد، عارف علی شاہین، ڈاکٹر طارق فقیر کھوکھر، حاجی ظفر اقبال، ملک محمد افتخار کھوکھر، امتیاز خان، سید عابد حسین کرمانی، رانا مشتاق احمد، سید عمران شبیر نقوی، چوہدری علی رضا جتالہ، ملک احمد حسن، سہیل بابر، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

سماجی راہنما میاں اعجاز انجم اور محمد اشفاق نذر کو دفتر صوبائی محتسب پنجاب کی طرف سے ایوارڈ سے نوازا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی محتسب پنجاب کی جانب سے 30 سال مکمل ہونے کی خوشی میں ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب ریجنل سیالکوٹ کیپٹن (ر) عطاء محمد خان نے ضلع سیالکوٹ میں سماجی خدمات سرانجام دینے اور عوام میں شعور اجاگر کرنے کے اعتراف میں سماجی راہنما میاں اعجاز انجم اور محمد اشفاق نذر کو دفتر صوبائی محتسب پنجاب کی طرف سے ایوارڈ سے نوازا اس موقع پر اسسٹنٹ ڈاکٹر نورالعین، محمد ثقلین، قمرالحسن اور میڈم نغینہ بھی موجود ہیں اس موقع پر ایڈوائزر کیپٹن (ر) عطاء محمد خان نے کہا کہ ادارے نے گزشتہ 30 سال کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

سانگلہ ہل میں 18 اکتوبر کو مسلم لیگ (ن) کا تاریخی یوتھ کنونشن ہوگا، سابق ایم این اے چوہدری محمد برجیس طاہر مہمانِ خصوصی ہوں گے



سانگلہ ہل (نامہ نگار) سانگلہ ہل میں 18 اکتوبر کو پاکستان مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام تاریخی یوتھ کنونشن منعقد ہونے جا رہا ہے جس میں علاقہ بھر سے مسلم لیگ ن کے کارکنوں نوجوانوں اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت متوقع ہے کنونشن کے مہمانِ خصوصی سابق رکن قومی اسمبلی چوہدری برجیس طاہر ہوں گے جبکہ چوہدری عاصم رندھاوا اور عرفان الحسن بھٹی کنونشن کے انتظامی امور میں اہم کردار ادا کریں گے پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ کنونشن کو کامیاب بنانے کے لیے چوہدری عاصم رندھاوا گاؤں گاؤں جا کر لوگوں سے ملاقاتیں کر رہے ہیں اور انہیں کنونشن میں بھرپور شرکت کی دعوت دے رہے ہیں۔ وہ نوجوانوں اور مسلم لیگ ن کے کارکنوں کو متحرک کرنے کے لیے مختلف علاقوں میں آگاہی مہم بھی چلا رہے ہیں یوتھ کنونشن میں نوجوانوں کے مسائل ان کے مستقبل، سیاسی سرگرمیوں میں کردار اور نوجوان نسل کو درپیش چیلنجز کے حوالے سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

خیبر پختونخوا کا مینڈیٹ چھین کر صوبہ کی عوام کے جمہوری و آئینی حق پر ڈاکہ مارا گیا ہے، مجسم زرخیز انور خان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انصاف لائرز فورم کے ضلعی صدر مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ کا مینڈیٹ چھین کر صوبہ کی عوام کے جمہوری و آئینی حق پر ڈاکہ مارا گیا ہے خیبر پختونخواہ میں کسی صورت گورنر راج اور ایمرجنسی قابل قبول نہیں اس کی جتنی بھی مذمت کا جائے کم ہے یہ آئین اور جمہوریت پر حملے کے مترادف ہے عوامی مینڈیٹ کا احترام اور آئین و جمہوریت کا تحفظ ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

گندم کی قیمت 5 ہزار روپے فی من مقرر نہ ہوئی تو 5 نومبر کو کسان مارچ کریں گے، سردار ظفر حسین خان

فیصل آباد (میاں ندیم احمد بیورو چیف) کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی صدر سردار ظفر حسین خان ایڈووکیٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گندم کی بوائی سے قبل اس کی قیمت 5 ہزار روپے فی من مقرر کی جائے اور فلور ملوں کو سبسڈی دے کر عوام کو سستا آٹا فراہم کیا جائے، بصورت دیگر 5 نومبر کو مال روڈ لاہور پر کسان مارچ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گزشتہ سیزن میں مقامی گندم نہ خریدنے اور درآمدی گندم کو ترجیح دینے سے کسانوں کو شدید نقصان پہنچا، جس کے نتیجے میں گندم کی کاشت میں کمی اور غذائی تحفظ کے مسائل پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو پیداواری لاگت کے مطابق معاوضہ ملنا چاہیے تاکہ وہ آئندہ فصل کی کاشت جاری رکھ سکیں۔ سردار ظفر حسین خان نے مریم نواز کی جانب سے 11 ارب روپے کے جہاز پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ بیوروکریسی کو مہنگی گاڑیاں دینے کے بجائے 1300 سی سی گاڑیاں فراہم کی جائیں اور سرکاری رہائش گاہوں کا رقبہ 10 مرلے تک محدود کیا جائے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ غیر ضروری اخراجات کم کر کے کسانوں کو ریلیف دے اور عوام کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

جھنگ میں سی سی ڈی پولیس کی مختلف کارروائیاں، مبینہ ڈکیت گینگ کا اہم رکن ہلاک، دو ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار*

جھنگ (مہر محمد ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ڈی آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ کے احکامات اور ڈسٹرکٹ آفیسر سی ڈی جھنگ غضنفر گجر کی ہدایات پر سی سی ڈی پولیس جھنگ نے جرائم پیشہ عناصر، ریکارڈ یافتہ ملزمان اور اشتہاری مجرموں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ پولیس کے مطابق مختلف کارروائیوں کے دوران مبینہ ڈکیت گینگ کا ایک اہم رکن ہلاک جبکہ دو ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران مبینہ طور پر چوری شدہ اور وارداتوں میں چھینی گئی موٹر سائیکلیں بھی برآمد کی گئی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق فیصل آباد روڈ پر سی سی ڈی پولیس کی گشت ٹیم، جس میں انسپکٹر اظہر خان، سب انسپکٹر مبشر احمد اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر مہر مرتضیٰ نول دیگر اہلکاروں کے ہمراہ شامل تھے، نے ایک مشکوک شخص کو روکنے کی کوشش کی تو وہ دارالسکینہ پھاٹک کی جانب فرار ہونے لگا پولیس کے مطابق اس دوران فائرنگ سے اس کے نیفے میں موجود پستول سے گولی چل گئی، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہو گیا۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

ڈائریکٹر لائیوسٹاک کا ویٹرنری مراکز اور تولیدی سہولیات کا تفصیلی دورہ

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد و سرگودھا ڈویژن ڈاکٹر ساجد اقبال نے فیصل آباد اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے مختلف ویٹرنری مراکز اور تولیدی سہولیات کا تفصیلی دورہ کیا اور مویشی پال حضرات کو فراہم کی جانے والی طبی، تشخیصی، جراحی اور مصنوعی نسل کشی کی خدمات سمیت مجموعی محکمانہ کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ایڈوانسڈ ویٹرنری ہسپتال فیصل آباد، جدید آپریشن تھیٹر، ایکسرے و الٹراساؤنڈ یونٹس، ضلعی سیمن سٹوریج سنٹر، سول ویٹرنری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی فیصل آباد کی طرف سے انسداد سموگ اقدامات بلا تعطل جاری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی فیصل آباد کی طرف سے انسداد سموگ اقدامات بلا تعطل جاری ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر طاہر نے بتایا کہ گزشتہ دو روز میں ٹیموں نے مجموعی طور پر 39، انڈسٹریل یونٹس کی انسپکشن کی اور سنگین خلاف ورزی پر ایک یونٹ کو سیل، دو کو بند کرنے کے علاوہ 9 کو ایس او پیز کی خلاف ورزی پر اصلاحی نوٹس جاری اور دو یونٹس کو 2 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر میں اینٹوں کے 45 بھٹہ جات کی چیکنگ کے دوران 35 کو نوٹس جاری اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا۔ اسی طرح دوران چیکنگ 75 مائیکرون سے کم وزنی شاپر بیگ فروخت کرنے پر 4 دکانوں/گوداموں سے 2000 کلوگرام سے زائد شاپنگ بیگز ضبط کر لئے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ فوڈ پوائنٹس پر سیکشن ہڈز نصب نہ ہونے پر 13 مالکان کو آخری وارننگ جاری کی گئی۔ علاوہ ازیں زیر تعمیر ڈویلپمنٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

ملتان میں آئزم سینٹر آف ایکسیلنس کے قیام کی تجویز

ملتان (سی ایم لنکس)) کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں نے ملتان میں آئزم سینٹر آف ایکسیلنس کے قیام کے لیے پنجاب حکومت کو تجاویز بھجوانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مجوزہ منصوبے کے حوالے سے تجاویز طلب کرتے ہوئے کہا کہ آئزم سے متاثرہ بچوں کو معیاری تعلیم، اسپیچ تھراپی، تشخیص اور بحالی کی سہولیات ان کے اپنے شہر میں فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

تھانہ صدر گجرات پولیس کی کاروائی، محبوبہ کو منانے کے لیے خود کو گولی مار کر ڈکیتی کا ڈرامہ رچانے والا ملزم گرفتار

گجرات (سید طارق حسین+ زیڈ اے بھٹی) تھانہ صدر گجرات پولیس کی کاروائی، محبوبہ کو منانے کے لیے خود کو گولی مار کر ڈکیتی کا ڈرامہ رچانے والا ملزم گرفتار۔ اسلحہ ناجائز پسٹل 30 بور برآمد تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر گجرات پولیس کو پکار 15 پر ڈکیتی کی اطلاع موصول ہوئی، جس پر ایس ایچ او تھانہ صدر گجرات SI شہروز احمد اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچے۔ کالر نے پولیس کو بتایا کہ وہ موٹر سائیکل پر دھیر کے کلاں جا رہا تھا کہ راستے میں دو نامعلوم ملزمان نے اسے روک کر 18 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا جبکہ مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

تھانہ صدر گجرات پولیس کی کاروائی، محبوبہ کو منانے کے لیے خود کو گولی مار کر ڈکیتی کا ڈرامہ رچانے والا ملزم گرفتار

ایف آئی اے کی بھرپور کارروائیاں، صرف چار دن میں 12 ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ایف آئی اے کی بھرپور کارروائیاں، صرف چار دن میں 12 ملزمان گرفتار، ایف آئی اے گوجرانوالہ زون نے انسانی اسمگلنگ کے خلاف مہم مزید تیز کرتے ہوئے صرف چار دن کے دوران، 7 سے 10 اکتوبر 2026 کو گوجرانوالہ، گجرات اور سیالکوٹ سرکلز میں بھرپور کارروائیاں کیں اور مجموعی طور پر 12 ملزمان کو گرفتار کر لیا، جن میں ایک اشتہاری ملزم اور یونان سے ڈی پورٹ ہونے والے 2 افراد بھی شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان میں شاہد ندیم، افتخار احمد، انور محی الدین، محمد اشرف، بشارت سہیل، ارشد محمود ملک، صداقت علی، قیصر نوید، ساجد محمود، اشفاق احمد بٹ، شہزاد احمد اور عبدالرؤف شامل ہیں۔ ملزم گرفتار، گرفتار ملزمان نے شہریوں کو جرمنی، اسپین، امریکا، پرتگال، یونان، برطانیہ، عمان اور دبئی سمیت مختلف ممالک بھجوانے کا جھانسہ دے کر بھاری رقوم وصول کیں، تاہم وعدے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

جھنگ میں سی سی ڈی پولیس کی مختلف کارروائیاں، مبینہ ڈکیت گینگ کا اہم رکن ہلاک، دو ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے پیرا اسٹیشن اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال دیپالپور کا دورہ کیا

دیپالپور (امام دین+ نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے پیرا اسٹیشن اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال دیپالپور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے انتظامی و آپریشنل امور، عملے کی حاضری، سرکاری ریکارڈ، ڈسپلن، ادویات کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا پیرا اسٹیشن کے دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے اہلکاروں کی حاضری، ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور مجموعی کارکردگی کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اہلکاروں کو ہدایت کی کہ حکومتی پالیسیوں، متعلقہ قوانین اور اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (ایس او پیز) پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ عوام کو بروقت، شفاف اور معیاری خدمات کی فراہمی، نظم و ضبط کی پابندی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے مزید ہدایت کی کہ قانون کی مؤثر عملداری، سرکاری املاک کے تحفظ اور عوامی مفاد کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے تاکہ شہریوں کو محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

بریسٹ کینسر سے بچنے کے لئے عوامی اگاہی کو اجاگر کرنا ہوگا "خواتین کی صحت سے وابستہ سماجی و ثقافتی رکاوٹوں پر بھی قابو پانے کی ضرورت ہے، جہاں آرا وٹو

رینالہ خورد (سرفراز انجم+ نامہ نگار سے) بریسٹ کینسر سے بچنے کے لئے عوامی اگاہی کو اجاگر کرنا ہوگا" خواتین کی صحت سے وابستہ سماجی و ثقافتی رکاوٹوں پر بھی قابو پانے کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار جہاں آرا وٹو وائس چیئرمین شوشل پروٹیکشن اتھارٹی نے یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ یونیورسٹی آف اوکاڑہ (U O) کے ویمن ڈیولپمنٹ سینٹر (W D C) نے چھاتی کے کینسر سے متعلق آگاہی، بیماری کی جلد تشخیص اور احتیاطی طبی نگہداشت کو فروغ دینے کے لیے "پنک ربن یوتھ لیڈرشپ: چھاتی کے کینسر سے متعلق آگاہی" کے موضوع پر ایک سیمینار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

مرکزی پریس کلب جمر کی خبر پر ایکشن ڈی ایس پی موٹروے پولیس راشد بھٹی بیٹ 13 نے ٹوٹا حفاظتی جنگلا لگوا دیا شہریوں کا اظہار تشکر

جمر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) مرکزی پریس کلب جمر کی جانب سے این ایچ اے کراسنگ پر فٹ اوور برج کے نیچے ٹوٹے ہوئے حفاظتی جنگلے کی نشاندہی پر موٹروے پولیس ڈی ایس پی راشد بھٹی نے فوری ایکشن لیتے ہوئے حفاظتی جنگلا دوبارہ نصب کروا دیا جس سے شہریوں کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا تفصیلات کے مطابق جمر میں این ایچ اے کراسنگ پر فٹ اوور برج کے نیچے نصب حفاظتی جنگلا عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا جس کے باعث شہریوں خواتین بزرگوں اور بچوں حفاظتی جنگلا ٹوٹنے کے باعث شہری اور موٹر سائیکل سوار تیز رفتار ٹریفک کے درمیان براہ راست شاہراہ عبور کرنے پر مجبور تھے جس سے کسی بھی وقت بڑے حادثے کا خدشہ موجود تھا مرکزی پریس کلب جمر نے عوامی مشکلات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

خوبصورت الفاظ انسان کی شخصیت کی پہچان ہوتے ہیں، اس کا رویہ دوسروں کے دلوں میں عزت اور مقام پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، مرزا گلزار احمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوورسیز پاکستانی و سمبڑیال کے سماجی رہنما مرزا گلزار احمد نے کہا ہے کہ خوبصورت الفاظ انسان کی شخصیت کی پہچان ہوتے ہیں جبکہ اس کا رویہ دوسروں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

غربت صرف مالی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انسانی وقار، تعلیم اور صحت کے مواقع کی کمی کا باعث بھی بنتی ہے، حکیم مقبول احمد چوہدری

پاکپتن (نامہ نگار) معروف طبیب مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو معروف سیاسی سماجی شخصیت حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ غربت صرف مالی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انسانی وقار، تعلیم اور صحت کے مواقع کی کمی کا باعث بھی بنتی ہے اس کا خاتمہ صرف حکومتی اقدامات سے ممکن نہیں بلکہ معاشرتی سطح پر ہر فرد کا کردار بھی ضروری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر ایک خصوصی پیغام جاری کیا انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے غربت کے خلاف جدوجہد میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، مخیر حضرات اپنے علاقے میں بڑی کاروباری مرکزی قائم کر کے روزگار کے مواقع فراہم کر سکتے ہیں، جو بالآخر معاشی ترقی اور غربت کے خاتمے کا سبب بنتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں عملی زندگی میں بھی مساوات اور ہمدردی کو فروغ دینا ہوگا تاکہ ہر شخص کو عزت اور ترقی کے یکساں مواقع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

سینئر صحافی چوہدری راحیل جہانگیر کی اہلیہ محترمہ انتقال کر گئیں مرحومہ کے سوم کا ختم شریف آج بعد نماز ظہر پڑھا جائے گا

منڈی احمد آباد (نامہ نگار) سینئر صحافی چوہدری راحیل جہانگیر کی اہلیہ محترمہ انتقال کر گئیں مرحومہ کے سوم کا ختم شریف آج بعد نماز ظہر پڑھا جائے گا تفصیل کے مطابق سینئر صحافی بانی پریس کلب حقیقی / سابق وائس چیئرمین بلدیہ چوہدری راحیل احمد جہانگیر کی زوجہ محترمہ قضاء الٰہی سے وفات پا گئی مرحومہ کی نماز جنازہ مقامی جنازگاہ میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں شہر کی سیاسی سماجی صحافتی کارروائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

انجمن مزارعین، رینالہ پریس کلب کے زیر اہتمام پاک فوج سے اظہار یکجہتی ریلی نکالی گئی

رینالہ خورد (شیخ آصف علی تحصیل رپورٹر) پاک فوج سے اظہار یکجہتی ریلی شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت ریلی کے شرکاء پاک فوج کے حق میں نعرے بازی کرتے رہے تفصیلات کے مطابق پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے انجمن مزارعین کہ صدر چوہدری دل محمد کمبوہ جنرل سیکرٹری ملک عمران مستا اور صدر رینالہ پریس کلب راؤ عتیق گوہر کی زیر قیادت ریلی نکالی گئی ریلی میں سول سوسائٹی علماء وکلاء اور تاجروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری دل محمد کمبوہ کا کہنا تھا کہ پاک فوج کی لازوال قربانیوں کی بدولت ہم ایک محفوظ مضبوط اور مستحکم پاکستان میں موجود ہیں پاک فوج نے سیاسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

شہباز احمد خان سیال کو چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز، مقصود چشتی علی کو سینئر وائس چیئرمین اور محمد ریاض کو وائس چیئرمین بلا مقابلہ منتخب کر لیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دی پنجاب کوآپریٹو یونین لمیٹڈ کے سالانہ اجلاسِ عام میں شہباز احمد خان سیال کو چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز، مقصود چشتی علی کو سینئر وائس چیئرمین اور محمد ریاض کو وائس چیئرمین بلا مقابلہ منتخب کر لیا گیا اجلاس کی صدارت جہاں زینب نیازی نے کی، جس میں پنجاب بھر سے ممبران نے شرکت کی نومنتخب بورڈ آف ڈائریکٹرز میں خواجہ عمان عزیز حافظ آباد، انیس احمد خان سیال جھنگ، میاں عبدالسمیع راجن پور، مہر منصب علی پڈھیار ننکانہ صاحب، غلام سرور اٹک، اطہر حسین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

پاکستان مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی ریلی، ایم پی اے چوہدری عدنان افضل چٹھہ کی قیادت میں کارکنان اور شہریوں کی شرکت

علی پور چٹھہ (مخصیل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کی جانب سے پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی قیادت حلقہ پی پی 36 کے ایم پی اے چوہدری عدنان افضل چٹھہ نے کی۔ ریلی میں سینکڑوں کارکنان اور شہریوں نے شرکت کی اور پاک فوج کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کیا۔ ریلی میں عوام اور کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت کو چوہدری عدنان افضل چٹھہ کی عوامی اپیل پر لبیک کہنے کے طور پر دیکھا گیا۔ اس موقع پر مسلم لیگ ن کے کارکنان نے پاک فوج سے اپنی وابستگی اور ملکی سلامتی کے لیے اس کے کردار کو سراہا۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ایم پی اے چوہدری عدنان افضل چٹھہ نے کہا کہ ملک بھر میں اظہارِ یکجہتی کی ریلیوں کے ذریعے عوام نے اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی احتجاج اور لانگ مارچ کے نام پر ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے سے گریز کرنا چاہیے اور قومی مفادات کو ترجیح دینی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج پاکستان کی سلامتی اور دفاع کی ضامن ہے، اس لیے قومی اداروں کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈے سے اجتناب کرنا ضروری ہے۔ ملکی استحکام، امن اور ترقی کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 54)

اوورسیز پاکستانی وکلاء کے مطالبات کو گزشتہ 11 برس سے اجاگر کر رہے ہیں، بیرسٹر رضوان سلہریا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) انٹرنیشنل لائرز کلب یوکے کے بانی و چیئرمین بیرسٹر رضوان سلہریا نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی وکلاء کے مطالبات کو گزشتہ 11 برس سے اجاگر کر رہے ہیں انٹرنیشنل لائرز کلب یوکے گزشتہ 11 برس سے اوورسیز پاکستانی وکلاء کے مطالبات کو مسلسل اجاگر کرنے اور ان کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے میں مصروفِ عمل ہے۔ کلب نے بیرونِ ملک مقیم پاکستانی وکلاء کو درپیش مسائل اور ان کے جائز مطالبات کو متعلقہ فورمز تک پہنچانے کے لیے مستقل بنیادوں پر اپنا کردار ادا کیا ہے۔ انٹرنیشنل لائرز کلب یوکے کے بانی و چیئرمین بیرسٹر رضوان سلہریا نے پاکستان بار کونسل کے وائس چیئرمین پیر مسعود چشتی سے کونسل سے ملاقات دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا، جس میں بیرون ملک مقیم پاکستانی وکلاء کو درپیش دیرینہ مسائل اور ان کے پیشہ ورانہ حقوق کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کا مرکزی موضوع پاکستانی عدالتوں میں حق سماعت اور اہل اوورسیز پاکستانی وکلاء کے لیے سپریم کورٹ میں پریکٹس کا لائسنس حاصل کرنے کا ایک منصفانہ، شفاف اور قابل عمل طریقہ کار وضع کرنا تھا، جو متعلقہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 53)

شہری عدم تحفظ کا شکار صداقت علی چنا کی دکان سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری، موٹر سائیکلوں کے قیمتی سپیئر پارٹس بھی چور لے اڑے

حجرہ شاہ مقیم (محمد اعظم وجھلانہ سے) تھانہ ڈھلیانہ کے عقب میں چوری کی وارداتیں، شہری عدم تحفظ کا شکار صداقت علی چنا کی دکان سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری، موٹر سائیکلوں کے قیمتی سپیئر پارٹس بھی چور لے اڑے۔ تھانہ ڈھلیانہ تفصیلات کے مطابق صداقت علی چنا کی دکان سے مبینہ طور پر لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری کر لیا گیا، جبکہ موٹر سائیکلوں کے قیمتی سپیئر پارٹس بھی چوری ہونے کی اطلاعات ہیں۔ متاثرہ شہری کے مطابق چوری کی وارداتوں نے محنت کش تاجروں کو شدید مالی نقصان سے دوچار کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تھانہ ڈھلیانہ کے عقب میں چوری کی وارداتوں کا ہونا تشویش ناک امر ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں پولیس گشت کو مؤثر بنایا جائے، مشکوک افراد پر نظر رکھی جائے اور چوری کی وارداتوں میں ملوث عناصر کا سراغ لگانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ متاثرہ شہری صداقت علی چنا نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی سے اپیل کی ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

معروف کاروباری و سماجی شخصیت قیصر بلال کسانہ کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے جنرل باڈی ممبر کی حیثیت سے نامزد ہونے پر مبارکباد

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) معروف کاروباری و سماجی شخصیت، قیصر میڈیسن کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (C E O) اور صدر جھنگ فارما ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن، قیصر بلال کسانہ کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق

قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ نے بھی صدر مملکت کے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کر دی۔ ایوان بالا میں قرارداد کی منظوری پر اپوزیشن نے شدید احتجاج کیا، اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے ڈائس کے سامنے قرارداد کی کاپی پھاڑ دی، ایوان بالا مچھلی منڈی بن گیا، اپوزیشن اور حکومتی ارکان کے درمیان جھڑپیں ہوئیں، پی ٹی آئی ارکان ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔ اس سے قبل قومی اسمبلی میں ایمرجنسی نافذ سے متعلق قرارداد کثرت رائے سے منظور کر لی گئی تھی جب کہ اپوزیشن نے ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت کی تھی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت ہوا، اجلاس کے ا?غاز پر وقفہ سوالات ملتوی کرنے کی تحریک قومی اسمبلی میں پیش کی گئی، وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے تحریک پیش کی، اپوزیشن کی جانب سے تحریک کی مخالفت کی گئی۔ تحریک کو کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق سے متعلق کی قرارداد ایوان میں پیش کی گئی، صدر مملکت کے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے اعلان کی توثیق کی قرارداد طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کی قرارداد پر بحث شروع ہوئی، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان بھی ایوان میں پہنچ گئے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نزیر تارڑ نے کہا کہ صوبے میں ایمرجنسی کے بعد اس کے نفاذ کا ڈیکلریشن دونوں ایوانوں میں پیش کرنا ہوتا ہے، ہم نے بڑی سوچ بچار کے بعد ایمرجنسی کا نفاذ کیا، اندرونی خلفشار، سرحد پار سے دراندازی اور صوبے کی حکومت کے اقدامات قومی سلامتی کے لیے خطرہ بنتا جا رہا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایمرجنسی کے اعلان کے بعد دس دن میں پارلیمنٹ میں پیش کیا جاتا ہے، بہت سارے دوستوں نے اسے بارہ اکتوبر سے تشبیہہ دی، کابینہ میں اس معاملے پر سیر حاصل بحث کی گئی، خیبر پختونخوا کے حالات ملکی سلامتی کے خطرہ بنتے جا رہے تھے، کئی سالوں میں دہشتگردی کے اضافے کی وجوہات ہیں۔ افواج پاکستان اور پولیس نے قربانیاں دے کر کامیابی حاصل کی تھی، کامیابی کے باوجود حالات دوبارہ خراب ہو گئے، ایک سال میں 3700 سے زائد دہشت گردی کے واقعات ہوئے۔ وزیر قانون اعظم نزیر تارڑ نے کہا کہ آئینی تقاضا ہے کہ صدر مملکت جب ایمرجنسی نافذ کریں تو اس کی دس روز میں منظوری دونوں ایوانوں سے لینا ضروری ہے، ہمیں کہا گیا کہ بارہ اکتوبر 1999 جیسی ایمرجنسی لگا دی گئی ہے، ہمیں کہا گیا کہ گیارہ اکتوبر 2026 کو بھی جمہوری حکومت کو ختم کر کے ایمرجنسی لگا دی گئی، کے پی کے میں دہشتگردی جس طرح سے بڑھی وہ سب کے سامنے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کو جو ہوا ملی اس کی وجہ سیاسی جماعت کی دہشتگردوں سے نظریاتی ہم آہنگی تھی، کابینہ کا اجلاس اڑھائی گھنٹے جاری رہا، سال 2026 میں 3787 دہشتگردی کے واقعات ہوئے، سال 2021 سے لیکر 2024 تک دہشتگردی کے بے شمار واقعات ہوئے، وزیر اعلیٰ نے شہدا کے جنازوں میں شرکت کی بجائے سیاسی مقاصد کے لئے ملکی سطح پر دورے شروع کر دیے، جب صورتحال ایسی ہو تو پھر ردعمل بھی ویسا ہی ہونا چاہئے۔

خیبر پختونخوا کا گورنر راج: ریاست کی دہشت گردوں اور سہولت کاروں کو سخت وارننگ

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کرنے کا فیصلہ پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم موڑ کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ ریاست کے اس عزم کا عکاسی کرتا ہے کہ دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کا سختی سے مقابلہ کیا جائے۔ صوبے میں قانون اور امن وامان کی ابتر ہوتی صورتحال، دہشت گردانہ حملوں میں اضافے، جانی نقصان اور خاندانوں میں پھیلتے ہوئے خوف کے ماحول کو دیکھتے ہوئے، اطلاعات کے مطابق دہشت گردانہ سرگرمیوں میں 195 فیصد اضافہ ہوا، ضبط کے تمام بندھن ٹوٹ گئے۔ کہا جاتا ہے کہ وفاقی حکومت نے کافی صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور ترقیاتی امور، وسائل اور صوبائی حقوق پر سیاسی اختلافات کے باوجود بات چیت کے دروازے کھلے رکھے۔ تاہم، قومی انسدادِ دہشت گردی پالیسی کی مخالفت کو کسی عام سیاسی تنازعے کے بجائے قومی سلامتی کا معاملہ سمجھا جاتا ہے۔ سہیل آفریدی کی قیادت میں پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت دہشت گرد گروہوں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہی، اس نے وفاقی انسدادِ دہشت گردی کے منصوبے کو نافذ کرنے سے انکار کیا، حملوں کی بھرپور انداز میں مذمت کرنے سے گریز کیا، الزام تراشی کی سیاست کی اور شہید ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں کے جنازوں میں شرکت نہیں کی۔ ان تمام مبینہ ناکامیوں نے احتساب، حب الوطنی اور شہریوں کے تحفظ کی ذمہ داری کے حوالے سے صوبائی حکومت کی سنجیدگی پر سنگین سوالات اٹھائے۔

ریاست کا موقف واضح ہے کہ دہشت گردی، دہشت گرد نیٹ ورکس کی حمایت اور قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے والے اقدامات کو سیاسی وابستگیوں، قبائلی وفاداریوں، مذہبی نعروں یا مبینہ غیر ملکی فنڈنگ کے نام پر کسی صورت نظر انداز یا معاف نہیں کیا جا سکتا۔

دہشت گردی کے خلاف وفاقی حکومت کا ساتھ دینے کے بجائے پی ٹی آئی نے اسلام آباد کی طرف ایک لانگ مارچ کا اہتمام کیا جس کا مقصد سیاسی محاذ آرائی کو بڑھانا تھا، ایسے وقت میں جب قومی اتحاد اور سلامتی کی اشد ضرورت تھی۔ اس رویے کو غیر ذمہ دارانہ اور ریاست کو غیر مستحکم کرنے والا قرار دیا گیا، خاص طور پر اس وقت جب سیکیورٹی فورسز اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہوں اور دہشت گردی کے خطرات تاحال منڈلا رہے ہوں۔ ریاست سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ سیاسی گروہوں کو بدامنی پھیلانے، اس کی رٹ کو چیلنج کرنے یا قومی سلامتی کے اہم مسئلے سے توجہ ہٹانے سے روکے۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کو اس بگڑتی ہوئی صورتحال سے نمٹنے اور ملک کے تحفظ کی حکومتی ذمہ داری کو مزید تقویت دینے کے لیے ایک ضروری قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ پی ٹی آئی اور سہیل آفریدی کو ان الزامات کا سامنا ہے کہ ان کے رویے نے قومی مفادات کو نقصان پہنچایا ہے، شہداء کی قربانیوں کو نظر انداز کیا ہے اور صوبائی قیادت پر عوامی اعتماد کو ٹھیس پہنچائی ہے۔ اطلاعات کے مطابق اس فیصلے کو تمام سیاسی جماعتوں اور صوبوں میں وسیع پیمانے پر عوامی حمایت حاصل ہوئی ہے، بالخصوص شہداء کے اہل خانہ اور مسلسل عدم تحفظ سے عاجز آ چکے عام شہریوں کی جانب سے۔ لوگ ایک ایسے پرامن اور خوشحال خیبر پختونخوا کی امید لگائے بیٹھے ہیں جہاں بچے بلاخوف کھیل سکیں، مارکیٹیں بغیر کسی خوف وخطر کے چل سکیں اور شہری آزادی کے ساتھ اپنی عبادات انجام دے سکیں۔ اس تمام عمل کا بنیادی مقصد امن وامان کی بحالی، ذمہ داروں کا کٹہرے میں احتساب، ریاست کی رٹ کو مضبوط کرنا اور عوام کی زندگیوں اور ان کے روشن مستقبل کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

اب صوبوں کی دہشت گردی کے خلاف ایک جیسی پالیسی ہوگی۔ اب مزید کوئی الجھن نہیں ہوگی۔ اب مزید کوئی ملے جلے اشارے نہیں ہوں گے۔ اب مزید کوئی تضادات نہیں ہوں گے۔ اب ایک متحد محاذ ہوگا۔ ایک واضح پالیسی ہوگی۔ ایک واضح پیغام ہوگا۔ اس کے اچھے نتائج آنے والے دنوں میں سامنے آئیں گے۔ دہشت گردوں کے پاس چھپنے کی کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ سہولت کاروں کے پاس بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ انتشار پسندوں کے پاس کام کرنے کی کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ قانون شکنی کرنے والوں کے پاس پناہ گاہ تلاش کرنے کی کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ یہ ریاست کا وعدہ ہے۔ یہ ریاست کا عزم ہے۔ یہ ریاست کا ارادہ ہے۔

کے پی کے میں گورنر راج نافذ کرنے کے فیصلے نے ایک واضح پیغام دیا ہے۔ یہ تمام قانون شکنی کرنے والوں کے لیے ایک پیغام ہے۔ یہ تمام انتشار پسندوں کے لیے ایک پیغام ہے۔ یہ تمام ریاست مخالف عناصر کے لیے ایک پیغام ہے۔ یہ تمام دہشت گردوں کے لیے ایک پیغام ہے۔ اور یہ ان کے تمام سہولت کاروں کے لیے ایک پیغام ہے۔ پیغام سادہ ہے۔ آپ کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ ریاست اور پاکستان کے عوام کے پاس آپ کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ یہ پیغام صرف خیبر پختونخوا تک محدود نہیں ہے۔ یہ پیغام ہر جگہ جاتا ہے۔ یہ بلوچستان جاتا ہے۔ چاہے وہ بلوچستان میں بی ایل اے ہو، ریاست دیکھ رہی ہے۔ یہ کے پی کے جاتا ہے۔ چاہے وہ کے پی کے میں پی ٹی آئی ہو، ریاست دیکھ رہی ہے۔ یہ آزاد جموں وکشمیر جاتا ہے۔ چاہے وہ آزاد کشمیر میں کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی ہو، ریاست دیکھ رہی ہے۔ یہ ملک کے ہر کونے میں جاتا ہے۔ چاہے وہ ٹی ٹی پی ہو، فتنہ الہندستان ہو اور فتنہ الخوارج ہو، سب کے لیے واضح پیغام ایک ہی ہے۔ قانون شکنی کرنے والوں کے لیے مزید کوئی جگہ نہیں۔ انتشار پسندوں کے لیے مزید کوئی جگہ نہیں۔ ریاست مخالف عناصر کے لیے مزید کوئی جگہ نہیں۔ دہشت گردوں کے لیے مزید کوئی جگہ نہیں۔ اور ان کے سہولت کاروں کے لیے مزید کوئی جگہ نہیں۔

پاکستان کے عوام پاکستان سے محبت کرتے ہیں۔ یہ ایک سادہ سی سچائی ہے جسے اکثر بھلا دیا جاتا ہے۔ یہ ایک سادہ سی سچائی ہے جسے اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ یہ ایک سادہ سی سچائی ہے جس سے اکثر انکار کیا جاتا ہے۔ عوام اسے پرامن بنانا چاہتے ہیں۔ وہ اسے محفوظ بنانا چاہتے ہیں۔ وہ اسے خوشحال بنانا چاہتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کے لیے مستقبل تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔ وہ خوف کے بغیر زندگی گزارنا چاہتے ہیں۔ وہ اپنے کندھے کے اوپر دیکھے بغیر سڑکوں پر چلنا چاہتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کو اسکول بھیجنا چاہتے ہیں بغیر اس فکر کے کہ وہ گھر واپس آئیں گے یا نہیں۔ وہ اس فکر کے بغیر بازار جانا چاہتے ہیں کہ کوئی بم پھٹے گا یا نہیں۔ وہ اس فکر کے بغیر مسجد میں عبادت کرنا چاہتے ہیں کہ کوئی خودکش بمبار حملہ کرے گا۔ اور اس کے لیے قانون شکنی کرنے والوں کو مسترد کرنا ہوگا۔ دہشت گردوں کو مسترد کرنا ہوگا۔ سہولت کاروں کو مسترد کرنا ہوگا۔ اور عوام کا مطالبہ ہے کہ ان کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ نرم دستانوں کے ساتھ نہیں۔ سیاسی سمجھوتوں کے ساتھ نہیں۔ خاموشی کے ساتھ نہیں۔ بہانوں کے ساتھ نہیں۔ تاخیر کے ساتھ نہیں۔ بلکہ آہنی ہاتھوں کے ساتھ۔

صبر کا وقت ختم ہو چکا ہے۔ انتظار کا وقت ختم ہو چکا ہے۔ دیکھنے کا وقت ختم ہو چکا ہے۔ عمل کا وقت اب ہے۔ کے پی کے میں گورنر راج صرف آغاز ہے۔ یہ ایک طویل سفر کا پہلا قدم ہے۔ یہ ایک مشکل سفر کا پہلا قدم ہے۔ یہ ایک ضروری سفر کا پہلا قدم ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا قدم ہے جو اٹھایا جانا چاہیے۔ یہ ایک ایسے پاکستان کی طرف ایک قدم ہے جہاں ریاست کی رٹ سب سے بالاتر ہو۔ یہ ایک ایسے پاکستان کی طرف ایک قدم ہے جہاں دہشت گردوں کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو۔ یہ ایک ایسے پاکستان کی طرف ایک قدم ہے جس کا خواب بانیان نے دیکھا تھا۔ ایک ایسا پاکستان جو سب کے لیے محفوظ ہو۔ ایک ایسا پاکستان جو مضبوط ہو۔ ایک ایسا پاکستان جو کسی کے سامنے نہیں جھکے گا۔ ایک ایسا پاکستان جو کسی کے آگے ہتھیار نہیں ڈالے گا۔ ایک ایسا پاکستان جو کسی کے ساتھ سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ پیغام واضح ہے۔ فیصلہ ہو چکا ہے۔ ریاست نے ان کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اور عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اور عوام ریاست کی حمایت کرتے ہیں۔ اور عوام ریاست پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اور عوام کا یہ یقین ہے کہ یہ فیصلہ امن لے کر آئے گا۔ اور عوام کا یہ یقین ہے کہ یہ فیصلہ سیکیورٹی لے کر آئے گا۔ اور عوام کا یہ یقین ہے کہ یہ فیصلہ خوشحالی لے کر آئے گا۔ اور عوام کا یہ یقین ہے کہ یہ فیصلہ پاکستان کے لیے ایک بہتر مستقبل لے کر آئے گا۔

مسرت ناز عطاء: علم وادب کی خدمت میں مصروف ایک باصلاحیت قلم کارہ

علم وادب کسی بھی معاشرے کی فکری، تہذیبی اور اخلاقی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ قلم کی طاقت وہ مؤثر ذریعہ ہے جو نہ صرف انسانی سوچ کو نئی جہت عطا کرتی ہے بلکہ معاشرتی رویوں کی اصلاح، مثبت اقدار کے فروغ اور عوامی مسائل کی نشاندہی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جن معاشروں نے اہلِ قلم کی قدر کی، وہاں علم و دانش، شعور وآگہی اور مثبت فکری رجحانات کو فروغ حاصل ہوا۔ اسی تناظر میں نامور قلم کارہ، مصنفہ، ادیبہ اور کالم نگار مسرت ناز عطاء ؒ کی علمی، ادبی، صحافتی اور سماجی خدمات قابلِ تحسین ہیں، جن کے اعتراف میں سہ ماہی انٹرنیشنل میگزین ''مہاندرے'' سرگودھا کی جانب سے انہیں تعریفی سند جاری کی گئی ہے۔

یہ اعزاز محض ایک سند نہیں بلکہ ان کی طویل ادبی جدوجہد، قلمی صلاحیتوں اور معاشرتی شعور کی عکاسی کرتا ہے۔ میگزین کے چیف ایڈیٹر سلیم ابرار رانجھا نے مسرت ناز عطاء ؒ کو تعریفی سند پیش کرتے ہوئے ان کی شاندار خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ بلاشبہ کسی قلم کار کی علمی و ادبی کاوشوں کو تسلیم کرنا اس کے لیے حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے اور ساتھ ہی معاشرے میں علم و ادب سے وابستہ دیگر افراد کو بھی اپنی صلاحیتیں مثبت مقاصد کے لیے بروئے کار لانے کی ترغیب دیتا ہے۔

مسرت ناز عطاء ؒ ایک ایسی باصلاحیت ادیبہ ہیں جنہوں نے اپنی تحریروں کے ذریعے علم وادب کے فروغ، معاشرتی اصلاح اور عوامی شعور کی بیداری کے لیے قابلِ قدر کردار ادا کیا ہے۔ ان کی ادبی سرگرمیوں میں عوامی امنگوں کی ترجمانی، معاشرتی مسائل کی نشاندہی، تعلیمی و ادبی رجحانات کی ترویج اور مثبت سماجی روایات کے فروغ کو نمایاں اہمیت حاصل ہے۔ ان کا قلم محض الفاظ کو یکجا کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ احساسات، خیالات اور معاشرتی حقیقتوں کو مؤثر انداز میں پیش کرنے کا وسیلہ بھی ہے۔

ایک اچھے قلم کار کی پہچان یہ ہوتی ہے کہ اس کی تحریر قاری کے ذہن میں سوالات پیدا کرے، اسے اپنے گرد وپیش کا شعور دے اور زندگی کو مثبت انداز میں دیکھنے کی ترغیب فراہم کرے۔ مسرت ناز عطاء ؒ کی ادبی شناخت بھی ان کی فکر، احساس اور اظہار کی صلاحیتوں سے وابستہ ہے۔ وہ اپنی تحریروں کے ذریعے علم وادب کی شمع روشن رکھنے اور معاشرے میں مثبت فکری رجحانات کو فروغ دینے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔

ان کی معروف تصنیف ''میری سوچ'' نے بھی انہیں ادبی حلقوں میں ایک نمایاں شناخت عطا کی ہے۔ کسی بھی مصنف کی کتاب اس کے خیالات، مشاہدات، احساسات اور فکری رجحانات کی عکاس ہوتی ہے۔ کتاب ''میری سوچ'' کے ذریعے مسرت ناز عطاء ؒ نے اپنی فکری و قلمی صلاحیتوں کا اظہار کیا، جس کے باعث انہیں اہلِ علم و ادب میں پہچان حاصل ہوئی۔ یہ امر اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ مطالعے، مشاہدے اور مسلسل تحریری مشق کے ذریعے انسان اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکتا ہے اور اپنے خیالات کو دوسروں تک مؤثر انداز میں پہنچا سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے مسرت ناز عطاء ؒ کو تحریر و تخلیق کی صلاحیتوں سے نوازا ہے، اور وہ ان صلاحیتوں کو علم و ادب کی ترویج اور معاشرتی بہتری کے لیے استعمال کر رہی ہیں۔ ان کی ادبی خدمات اس بات کی متقاضی ہیں کہ انہیں سراہا جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ وہ مزید اعتماد اور عزم کے ساتھ اپنے قلمی سفر کو جاری رکھ سکیں۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ توجہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں اہلِ قلم کی خدمات کا اعتراف محض رسمی کارروائی نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے ایک مثبت علمی و ادبی روایت کی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ صحافت، ادب اور تصنیف کے شعبوں سے وابستہ افراد اپنی ذاتی مصروفیات کے باوجود معاشرے کے لیے وقت نکالتے ہیں، مسائل کو اجاگر کرتے ہیں، فکری رہنمائی فراہم کرتے ہیں اور نئی نسل میں مطالعے کا ذوق پیدا کرنے میں حصہ لیتے ہیں۔ ایسے افراد کی حوصلہ افزائی دراصل معاشرے میں علم، شعور اور مثبت فکر کی حوصلہ افزائی ہے۔

سہ ماہی انٹرنیشنل میگزین ''مہاندرے'' سرگودھا کی جانب سے مسرت ناز عطاء ؒ کو تعریفی سند کا اجرا بھی اسی مثبت روایت کا تسلسل ہے۔ چیف ایڈیٹر سلیم ابرار رانجھا کا یہ اقدام اس امر کی علامت ہے کہ ادبی خدمات کو تسلیم کرنا اور اہلِ قلم کی حوصلہ افزائی کرنا علمی وادبی اداروں کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ جب کسی تخلیق کار کی کاوشوں کو مناسب پذیرائی ملتی ہے تو اس کے اندر مزید بہتر کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، جس کے ثمرات بالآخر پورے معاشرے تک پہنچتے ہیں۔

مسرت ناز عطاء کو اس اعزاز پر عوامی، سماجی، تعلیمی، ادبی اور صحافتی حلقوں کی جانب سے مبارکباد پیش کرنا بھی ان کی خدمات کے اعتراف کا اظہار ہے۔ امید کی جانی چاہیے کہ وہ مستقبل میں بھی اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے علم وادب کے فروغ، عوامی مسائل کی مؤثر ترجمانی، معاشرتی شعور کی بیداری اور مثبت اقدار کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔

بلاشبہ قلم ایک ایسی قوت ہے جو خاموش رہ کر بھی معاشرے پر گہرے اثرات مرتب کرتی ہے۔ اس کی اصل اہمیت اس وقت سامنے آتی ہے جب الفاظ انسانی سوچ کو بدلنے، معاشرتی رویوں کو بہتر بنانے اور علم وآگہی کو عام کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ مسرت ناز عطاء ؒ کی ادبی خدمات اور ان کے اعزاز میں جاری ہونے والی تعریفی سند اسی حقیقت کی یاددہانی ہے کہ اہلِ قلم کی قدر ومنزلت دراصل علم وادب کی قدر و منزلت ہے۔

ہم مسرت ناز عطاء کو اس اعزاز پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت، سلامتی، عزت، کامیابی اور مزید علمی وادبی خدمات انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

GUJRANWALA

ستھرا پنجاب ویژن صفائی انسدادِ سموگ اینٹی لٹرنگ آپریشنز

سینکڑوں دکانداروں ریڑھی بانوں کو وارننگ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت ستھرا پنجاب ایجنسی گوجرانوالہ کی جانب سے صفائی، انسدادِ سموگ اور اینٹی لٹرنگ آپریشنز جاری ہیں، شہریوں، دکانداروں سے اپیل کی گئی کہ وہ صفائی برقرار رکھنے اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے انتظامیہ سے تعاون کریں

جن کے دوران مختلف تحصیلوں میں اینٹی لٹرنگ اور انسدادِ سموگ آگاہی مہم کے تحت پھل فروشوں اور دکانداروں کو دکانوں اور ریڑھیوں کے اطراف صفائی برقرار رکھنے اور کوڑا سڑکوں پر پھینکنے سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی

گوجرانوالہ! کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی ڈویژنل کمیٹی برائے گندم کی پیداوار اور کاشت کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت ستھرا پنجاب ایجنسی گوجرانوالہ کی جانب سے صفائی، انسدادِ سموگ اور اینٹی لٹرنگ آپریشنز جاری ہیں۔ جن کے دوران مختلف تحصیلوں میں اینٹی لٹرنگ اور انسدادِ سموگ آگاہی مہم کے تحت پھل فروشوں اور دکانداروں کو دکانوں اور ریڑھیوں کے اطراف صفائی برقرار رکھنے اور کوڑا سڑکوں پر پھینکنے سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ریڑھیوں کے اطراف بکھرا کوڑا موقع پر ہی جمع کر کیا اٹھایا گیا جبکہ ویسٹ کو مناسب انداز میں ٹھکانے لگانے پر زور دیا گیا۔ ٹیموں کی طرف سے صفائی سے متعلق ہدایات کی خلاف ورزی پر جرمانوں سمیت قانونی کارروائی عمل میں لائی جانے کا عندیہ دیا گیا شہریوں، دکانداروں سے اپیل کی گئی کہ وہ صفائی برقرار رکھنے اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے انتظامیہ سے تعاون کریں۔

تھانہ لدھیوالہ وڑائچ کے علاقہ میں پولیس مقابلہ

چوری اور منشیات فروشی کے درجن سے زائد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ منشیات ڈیلر اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، منشیات برآمد

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کا فوری نوٹس، ایس پی سٹی ڈویژن سے رپورٹ طلب۔ تھانہ لدھیوالہ وڑائچ پولیس مقابلہ؛ ریکارڈ یافتہ منشیات ڈیلر شہباز علی 2 نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ پولیس ناکہ پر اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش میں اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، قبضہ سے 1380 گرام چرس اور ناجائز اسلحہ برآمد، ہلاک ملزم چوری اور منشیات کے درجن سے زائد مقدمات میں ریکارڈ و مطلوب تھا، ہمراہی دو کس نامعلوم ملزمان فرار۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے ایس ڈی پی او قلعہ دیدار سنگھ کی زیر نگرانی خصوصی پولیس ٹیمیں تشکیل، شہر بھر میں ناکہ بندی جاری۔ گوجرانوالہ: پرامن اور محفوظ معاشرے کی تشکیل کے لیے جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کی بیخ کنی ناگزیر ہے۔

کیش لیس معیشت مالیاتی شمولیت کے اقدامات پر عملدرآمد تیز کرنے کا حکم

کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیرِ صدارت وزیر اعظم کے کیش لیس معیشت اور مالیاتی شمولیت کے اقدامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ، جدید مالیاتی سہولیات کی عام شہریوں تک رسائی اور نقد رقوم کی بجائے الیکٹرانک ادائیگیوں کے نظام کو فروغ دینے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا

کمشنر محمد علی نے اس اقدام کے مؤثر نفاذ، متعلقہ اداروں کے مابین مربوط حکمت عملی اور عوام میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا، انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے مالیاتی نظام کو مزید سہل، شفاف اور عوام دوست بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیرِ صدارت وزیر اعظم کے کیش لیس معیشت اور مالیاتی شمولیت کے اقدامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ، جدید مالیاتی سہولیات کی عام شہریوں تک رسائی اور نقد رقوم کی بجائے الیکٹرانک ادائیگیوں کے نظام کو فروغ دینے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعظم کے وژن کے مطابق شفاف، مؤثر اور جدید مالیاتی نظام کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ کیش لیس معیشت کا فروغ نہ صرف مالیاتی لین دین میں آسانی پیدا کرتا ہے بلکہ شفافیت، معاشی نظم وضبط اور مالیاتی خدمات تک عوام کی رسائی بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ کمشنر محمد علی نے اس اقدام کے مؤثر نفاذ، متعلقہ اداروں کے مابین مربوط حکمت عملی اور عوام میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے مالیاتی نظام کو مزید سہل، شفاف اور عوام دوست بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیر اعظم کے کیش لیس معیشت اور مالیاتی شمولیت کے اقدامات کا بنیادی مقصد ڈیجیٹل مالیاتی سہولیات کو فروغ دینا، شہریوں اور کاروباری طبقے کے لیے لین دین کو آسان بنانا اور معیشت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کی مشترکہ کاوشیں اور مؤثر نگرانی ان اہداف کے حصول میں کلیدی اہمیت رکھتی ہیں۔

پاک فوج اور عوام کے مابین اعتماد و یگانگت ہمارا قیمتی اثاثہ ہے

پاک فوج عوام کی خواہشات اور امنگوں کا محور ہے، محمد اقبال

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سابق رہنما آل پاکستان مسلم لیگ محمد اقبال نے کہا کہ پاک فوج اور عوام کے مابین اعتماد و یگانگت ہمارا قیمتی اثاثہ ہے، پاک فوج عوام کی خواہشات اور امنگوں کا محور ہے، مضبوط معیشت ''مضبوط دفاع کے لیے ناگزیر ہے۔ پاکستان ایک عرصے سے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کا سامنا کر رہا ہے، جن میں سے ایک خوارج ہیں۔ یہ دہشت گرد عناصر نہ صرف ملک کے امن کو تباہ کرنیکی کوشش کرتے ہیں بلکہ معاشرتی تقسیم کو فروغ دینے کے لیے عوام اور فوج کے درمیان دراڑیں ڈالنے کی سازشوں میں مصروف رہتے ہیں۔ لیکن پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ خوارج جیسے دشمن اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوئے اور نہ ہی ہوں گے، کیونکہ عوام اور فوج کا اتحاد ناقابلِ تسخیر ہے۔ خوارج تاریخی طور پر وہ گروہ ہیں جو مذہبی شدت پسندی کے باعث اسلام کے بنیادی اصولوں سے منحرف ہوئے اور خلافت کیخلاف بغاوت کا پرچم بلند کیا۔ آج بھی ان کے نظریات کو اپنائے ہوئے مختلف شدت پسند گروہ پاکستان میں انتشار اور فتنہ پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ گروہ خود کو اسلام کا علمبردار قرار دیتے ہیں، لیکن درحقیقت یہ اسلام کی غلط تشریح کرتے ہوئے معصوم لوگوں کا خون بہاتے ہیں۔ خوارج کی دہشتگردانہ کارروائیاں زیادہ دیکھی گئی ہیں۔ محمد اقبال نے مزید کہا کہ خوارج کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ عوام اور پاک فوج کے درمیان اختلافات پیدا کریں۔ وہ جانتے ہیں کہ اگر عوام اور فوج ایک ساتھ کھڑے رہے تو وہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔ اس لیے یہ عناصر دہشت گردانہ حملے کر کے عوام کو خوفزدہ کرتے ہیں اور پھر یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ ریاست ان کی حفاظت کرنے میں ناکام ہو گئی ہے۔

گوجرانوالہ۔ ادارۃ المصطفیٰ انٹرنیشنل کے زیر اہتمام منعقدہ ''فروغ علم'' سیمینار سے پیرزادہ محمد رضا ثاقب مصطفائی اور علامہ طیب حسین مصطفائی خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج دہشت گردی پر قابو پانے میں مددگار ہوگا، رانا مدثر

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) نائب صدر لائیرز فورم مسلم

بعدالت جناب خالد حیات صاحب سول جج پسرور

دعویٰ استقرار حق معہ دادرسی مستلزمہ: فیصل عظیم پسر اکبر علی قوم ملک سکنہ محلہ امام صاحب شہر و تحصیل پسرور محمد عامر پسر اکبر علی قوم ملک سکنہ محلہ منڈی لوہاراں شہر و تحصیل پسرور۔ اکبر علی ولد ملک اروڑہ قوم ملک سکنہ موضع محلہ امام صاحب شہر و تحصیل پسرور۔ ثمرین اکبر دختر اکبر علی زوجہ محمد اکرام قوم ملک سکنہ موضع تولیکی روڈ سٹریٹ نمر 2 2 محلہ بلال پارک کاموکی ضلع گوجرانوالہ۔ نازیہ نورین دختر اکبر علی زوجہ اعجاز احمد قوم ملک سکنہ مرالی والا ڈاکخانہ خاص محلہ بھیڑ آبادی گوجرانوالہ۔ تحریم اکبر دختر اکبر علی قوم ملک زوجہ محمد شبیر ذات ملک سکنہ دین محمد کالونی مکان نمبر 98A سٹریٹ نمبر 7 محلہ کوٹلی پیر عبدالرحمان باغبانپورہ لاہور کینٹ ضلع لاہور۔ افشاں شہزادی دختر اکبر علی زوجہ بلال احمد قوم ملک سکنہ محلہ بھگت پورہ شہزادہ روڈ شہر و تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 2026-10-16 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب سید اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال حسن علی ولد نورنگ کا انتقال وراثت بی بی پور تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں ملاں بی بی بیوہ۔ محمد حسن۔ محمد سہیل۔ محمد آصف پسران غلام فاطمہ دختر متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل دیوانی

عمانوئیل مسیح بنام جبران افضل

اشتہار بنام ارسلان افضل طارق محمود حسنین حیدر پسران محمد افضل فریال افضل فرناز کرن دختران محمد افضل اقوام گجر ساکن چک لشکری تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 2026-10-19 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afza

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ اعادہ حقوق زن اشوئی

غلام دستگیر بنام لائبہ امتیاز

اشتہار بنام لائبہ امتیاز دختر امتیاز احمد محلہ دھاماں لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات مدینہ کالونی ریلوے لائن دھاماں لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 2026-10-24 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afza

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنا خلع

عنوان سائرہ اصف بنام زیشان حیدر

اشتہار بنام سید ذیشان حیدر ولد سید عادل حسین ساکن مکان نمبر 192 بلاک 1 سیکٹر B ٹوٹاؤن شپ لاہور نزد روشن ہوٹل

مدعا علیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعا علیہم تعمیل سمن سگیرزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 2026-10-16 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

عاق نامہ/ اعلان لاتعلقی

میں اپنی حقیقی دختران زاہدہ پروین زوجہ احمد رضا اور شمیم زوجہ عابد علی دختران نیامت علی اقوام جٹ سہوسا کنان چک نمبر 12L/55A تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال جو کہ میری نافرمان ہے جنہیں میں ہر طرح سے سمجھا چکا ہوں لیکن دختران راہ راست پر نہ آئیں ہیں جس کی وجہ سے میں انکو اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اور ان سے اعلان لاتعلقی کرتا ہوں آج کے بعد میں ان کے کسی بھی لین دین یا قول فعل کا ذمہ دار نہ ہوں گا تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر۔ نیامت علی ولد جلال دین قوم جٹ سہو سکنہ چک نمبر 12L/55A چیچہ وطنی ضلع ساہیوال۔

Cr..Tariq

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی شوکت علی ولد غلام محمد ساکن زیرہ کالونی گلی نمبر 1 بہاولنگر، نے اپنے حقیقی بچوں اللہ رکھا تاریخ پیدائش مورخہ 2015-01-01، محمود شوکت تاریخ پیدائش مورخہ 2020-02-20، محمد عثمان تاریخ پیدائش مورخہ 2021-11-25 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو مذکورہ بالا لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آ کر اپنا تحریری طور پر بیان/ اعتراض داخل کروائے، بعد از معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول ہو گا۔

المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل و ضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اقصیٰ غفار صاحبہ سول جج درجہ اول/ فیملی کورٹ ساہیوال

نمبر مقدمہ سال 2026

نوعیت مقدمہ: دعویٰ خرچہ نان ونفقہ واپسی سامان جہیز

بعنوان مقدمہ: مقدس عاطف وغیرہ بنام عاطف ندیم

اخبار اشتہار بنام: عاطف ندیم ولد محمد ارشد ندیم قوم انصاری ساکن چک نمبر L-188/9 تحصیل و ضلع ساہیوال حال مقیم برکت ٹاؤن ساہیوال فون نمبر 0307-6913474/0300-6913474 اوور سیز پاکستانی سعودی عرب 966591049365، محمد ارشد ندیم ولد مدعا علیہ نمبر 1 قوم انصاری ساکن چک نمبر L-188/9 ضلع ساہیوال حال مقیم برکت ٹاؤن ساہیوال۔

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 2026-10-17 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب سرفراز خان صاحب سول جج بھلوال

۔ دعویٰ تنسیخ نکاح۔ کشمالہ بنام محمد عنصر اشتہار بنام محمد عنصر ولد محمد عمر ذات مچھی ساکن ظہور حیات کالونی گلی نمبر 19 بھلوال ضلع سرگودھا۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 16.10.26 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال محمد بوٹا ولد مہامد کا انتقال وراثت چک نمبر 41 جیڈی تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں سکینہ بی بی بیوہ۔ جعفر علی۔ غلام صابر۔ وارث علی۔ محمد اسلم پسران اللہ رکھی دختر متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

عدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل

فرح دیبہ بنام سعید احمد

اشتہار بنام سعید احمد نوید احمد فہد احمد حمید احمد پسران شیخ عطا محمد اقوام شیخ ساکن مکان نمبر 67-11 نزد نائیاں والی مسجد محلہ قلعی گراں لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات پروین اختر بیوہ محمد طارق شہناز بی بی زوجہ محمد منیر دختران شیخ عطا محمد شیخ ساکن مکان نمبر 67-11 نزد نائیاں والی مسجد محلہ قلعی گراں لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 2026-10-24 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afza

بعدالت جناب سعید اختر صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: زیر دفعہ 25 گارڈین درخواست بحالی

عنوان: نمرہ ضیاء بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام نمرہ ضیاء دختر ضیاء الحق ساکن پرانا کاہنہ پتی کشمیر لاہور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعا علیہم تعمیل سمن سگیرزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 2026-10-12 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب تحصیلدار فورٹ عباس ضلع بہاولنگر

عنوان وراثت متوفیہ حسن بی بی بیوہ محمد رمضان

انتقال وراثت بابت رقبہ واحاطہ چک نمبر 171/7r

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انتقال وراثت عنوان!

متوفیہ حسن بی بی بیوہ محمد رمضان درج ہوا حسب گفتہ شجرہ نصب مرتب شدہ کے مطابق وارثان میں والدین متوفیہ پہلے فوت شد محمد رمضان خاوند متوفیہ پہلے فوت شد محمد اکرم محمد اشرف بعد فوت شدگان پسران متوفیہ شمیم اختر بعد فوت شد شمشاد اختر ارشاد اختر زیدہ بیگم دختران متوفیہ زندہ حیات موجود ہیں

وراثت مزکورہ وارثان درج ہیں

متوفیہ فقہ حنفی کی پیروکار مسلمان تھی

وارثان کے نامون پر کسی کو کوئی عذر ہوا گر کوئی وارث وراثت سے محروم رہ گیا ہو یا دیگر کسی کو کسی قسم کا اعتراض ہو تو اشتہار ہذا شائع ہونے کے بعد اندر 3 یوم اصالتاً یا وکالتاً حاضر آ کر عذر پیش کرے مابعد کاروائی ضابطہ عمل لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا امروز ہماری مہر عدالت سے جاری کیا گیا ہے

Cr..Adnan

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی سید مزمل حسین ولد ظفر شاہ ساکن باگڑ والا کھوہ ڈاکخانہ بہاولنگر روچھا نوالی بہاولنگر، نے اپنی زوجہ سمیرا بی بی تاریخ پیدائش مورخہ 1994-07-10 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو مذکورہ بالا لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آ کر اپنا تحریری طور پر بیان/ اعتراض داخل کروائے، بعد از معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول ہو گا۔

المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل و ضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب ناصر حبیب صاحب سول جج منڈی بہاؤالدین

۔ دعویٰ دلا پانے خرچہ نان ونفقہ۔ نبیلہ خان بنام ذوالقرنین احمد۔ اشتہار بنام۔ ذوالقرنین احمد ولد محمد حنیف سکنہ چھپ کالاں ڈاکخانہ خاص چک نمبر 5/65 ایل تحصیل میاں چنیوٹ ضلع خانیوال۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 26-10-16 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب زرتاشیہ بگٹی صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

مزمل بی بی بنام ذرونواز وغیرہ

درخواست بمرادیے جانے اجازت برائے فروختگی جائیداد منجانب مزمل بی بی بیوہ حق نواز ساکن گلہ اکبر بٹ والہ حافظ آباد روڈ گلی نمبر 2 محلہ آبادی مہر لال حسین گوجرانوالہ، بنام عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 19-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال افتخار احمد ولد شیر علی کا انتقال وراثت چک نمبر 2 فور ایل تحصیل و ضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں شمیم اختر بیوہ۔ حسن رضا۔ اسرار احمد۔ ایثار احمد پسران فرحت طاہر۔ راحت شمیم۔ سعدیہ شمیم۔ رابعہ شمیم۔ عظمی افتخار دختران متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرک اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل نگرانی دیوانی

میاں غالب حسین بنام شیر زمان

اشتہار بنام شیر زمان ولد غلام سرور شہزادہ بیگم دختر غلام سرور قمر زمان محمد عمر زمان پسران شیر زمان اقوام گجر ساکن خونہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

چونکہ مذکورہ بالا دعویٰ اس عدالت میں زیر سماعت ہے اور آپ کی بذریعہ معمولی طریقہ تعمیل ممکن نہ ہو سکی، لہذا بذریعہ ہذا اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 2026-09-24 کو عدالت ہذا میں بذاتِ خود یا بذریعہ وکیل حاضر ہو کر اپنا جواب دعویٰ پیش کریں، بصورت دیگر عدم حاضری کی صورت میں مقدمہ یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے قانون کے مطابق فیصلہ کر دیا جائے گا۔۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب طارق فاروق شاہ صاحب سول جج/ فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ توثیق قبضہ

عنوان: ایاز افضل بنام ارشاد بیگم وغیرہ

1۔ ارشاد بیگم (ارشاد بی بی) دختر غلام حسین بیوہ عبداللطیف سکنہ چمن زار کالونی چک نمبر 224 رب تحصیل و ضلع فیصل آباد 2۔ رحلیہ کوثر بیوہ محمد جمیل دختر عبداللطیف سکنہ 224 رب مکان نمبر P-737 گلی نمبر 4 بلاک B محلہ چمن زار کالونی فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہذا بذریعہ اشتہار رسپانڈنٹس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-10-15 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب حافظ محمد زبیر صاحب سینیئر سول جج/ گارڈین جج تحصل و ضلع جھنگ۔ مسماۃ عائشہ مائی بیوہ جام نذر عباس بنام عوام الناس وغیرہ درخواست اجازت ترمیم ولایت سرٹیفکیٹ مسماۃ عائشہ مائی بیوہ جام نذر عباس قوم جٹ کھیارا چک نمبر 10/3 تھل تحصیل 18 ہزاری ضلع جھنگ اشتہار بنام عوام الناس، مقدمہ عنوان بالا میں اپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن عوام الناس کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 2026-10-19 اصالتاً وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shaki

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ دلا پانے خرچہ نان ونفقہ: غلام رضا بنام احسن علی وغیرہ: اشتہار بنام احسن علی۔ ذیشان حیدر۔ بلال حیدر۔ نعمان حیدر۔ حیدر علی پسران غلام رضا ذات اعوان ساکنان باجڑہ گڑھی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 2026-10-15 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب ADLR صاحب /تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی بشیر احمد ولد نزیر احمد ذات گجر ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع کھمیر ڈھڈی اور موضع محمودہ جودھیکا تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں بیوہ ریشماں بی بی۔ شبیر احمد، محمد رشید، نور بیگم، امیراں بی بی، شبیراں بی بی پسران و دختران حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفی کے والدین پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب ADLR صاحب /تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی زیر احمد ولد کبیر احمد ذات گجر ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع کھمیر ڈھڈی تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں محمد مراد، نبی بخش، بشیراں بی بی، شمشاد بی بی، منظوراں بی بی، نور بانو پسران و دختران حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفی کے والدین، زوجہ نیامت بی بی اور پسر حقیقی بشیر احمد پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب ناصر جاوید صاحب سول جج پسرور

دعویٰ حکم امتناعی دوامی: محمد انصار بنام سلامت علی: اشتہار بنام سلامت علی ولد رحمت علی قوم جٹ باجوہ ساکن اکبر پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 2026-10-8 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب عنایت علی کاشف صاحب نائب تحصیلدار بااختیارات/AC-I اپسرور

درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 لینڈ ریونیو ایکٹ: بلال احمد وغیرہ بنام عبدالقدوس وغیرہ: اشتہار بنام 1-عبدالقدوس ولد محمد رفیق 2-محمد رشید 3-محمد اقبال پسر فکر دین 4-عدنان اسحاق 5-عادل اسحاق پسران محمد اسحاق 6-محمد لطف ولد محمد شریف 7-غلام سرور 8-غلام مصطفیٰ پسران لال خاں 9-نصرت بی بی زوجہ عباس علی 10-صوبا ولی حکومت 11-غلام محمد ولد اللہ دتہ 12-عمر لطیف 13-بدر لطیف 14-خضر لطیف پسران محمد لطیف 5 1-عثمان فاروق ولد شیخ عبدالواحد 16-عصمت طاہرہ زوجہ غلام سرور 17-شہناز اختر زوجہ غلام مصطفیٰ 18-عامر حسن ولد عبدالکریم 19-ریاض احمد ولد مقصود حسین 20 ریاض احمد ولد مقصود حسین -21- محمد صدیق ولد جان محمد 22-محمد عرفان ولد محمد صدیق 23 محمد مشتاق ولد برکت علی 24-محمد سرور ولد عبدالعزیز 25-مزمل حسین ولد مقصود حسین 26-علی حسن ولد وارث علی 27-محمد رزاق ولد عمر دین 28-محمد علی شاہ ولد خلیل الل ؟ خاں 29 محمد انور ولد سردار خاں 30-شبیر حسین ولد ناظر حسین 31-محکمہ تعلیم گورنمنٹ فقیر الدین گرلز ہائی سکول لنگے 32- عابدہ صدیق کسانہ زوجہ محمد صدیق 33-عثمان حمید 34-عدنان حمید 35-عرفان حمید پسران -36-نادیہ آصف 37-کرن اشفاق دختران چوہدری عبدالحمید 38-بلال احمد ولد سبحان علی 39-سائرہ بین زوجہ احسان اللہ 40-شہزاد احمد ولد محمد دین 41-محمد اقبال ولد احمد دین منجے تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں مسّول علیہم کو بتقرر 2026-10-17 بوقت 9 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً طلب کیا گیا ہے عدم حاضری کی صورت یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب نازیہ بانو صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح وسامان جہیز

کلثوم دختر محمد بشیر بنام زاہد اقبال ولد محمد اسلم، شمیم اختر بیوہ محمد اسلم اقوام ڈھلوں ساکنان کھیکے ڈاکخانہ تحصیل و ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 31-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب محمد یوسف سردار صاحب سول/فیملی جج/گارڈین کورٹ پھالیہ تحصیل پھالیہ

عنوان: صبیہ بتول بنام وقار حسین

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع

اشتیار بنام: وقار حسین ولد مظہر اقبال قوم مسلم شیخ ساکن کے وال تحصیل و ضلع منڈی بہاؤالدین

ہرگاہ مدعا علیہ کو نوٹس۔ رجسٹری D/A کے ذریعہ سے تعمیل ہونا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 17-10-2026 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ مدعا علیہ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ھذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

دعوی وصولی مبلغ 1828515 روپے

سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ گیس ہاؤس 21 کشمیر روڈ لاہور، ریجنل آفس اسٹیٹ لائف بلڈنگ جی ٹی روڈ گجرات سٹی بذریعہ ریجنل مینیجر گجرات بنام لالہ موسیٰ سی این جی ٹھیکریاں جی ٹی روڈ لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں بذریعہ شیخ فرحان عارف ولد محمد عارف ساکن مکان نمبر 28/4 محلہ نظام پورہ لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

اشتہار بنام شیخ فرحان عارف ولد محمد عارف ساکن مکان نمبر 28/4 محلہ نظام پورہ لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعوی مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 06-11-2026 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Afzal

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 36 کوٹ فتح محمد شاہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ریاض احمد ولد منظور احمد سکنہ کھمیر ڈھڈی تحصیل بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی بیٹی حمیرا ریاض کی تاریخ پیدائش 14-08-2008 ہے ان کا بروقتِ اندراج یونین کونسل میں نہ کروا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار، عزیز اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل / لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں مدّت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب راشد شبیر صاحب سول جج/ فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ تعمیل مخنص وغیرہ

عنوان: محمد ذیشان بنام محمد عمر وغیرہ

1۔ محمد عمر ولد شوکت علی سکنہ مکان نمبر P-334 گلی نمبر 7/2 سیف آباد نمبر 2 فیصل آباد 2۔ سخاوت علی ولد محمد خان سکنہ گلی نمبر 11 رشید آباد چک نمبر 220 ر ب فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-11-18 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

گمشدگی کاغذات

میری زوجہ ام مسماۃ کوثر رضا (مرحومہ) جن کا انتقال مورخہ 2024-09-16 کو ہوا جو کہ محکمہ ایجوکیشن میں ملازمہ

بقیہ	سحر	1

کے مقابلوں کو منظم، مؤثر اور شفاف انداز میں منعقد کرنے کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں، جبکہ مختلف کھیلوں کے انعقاد کے لیے وینیوز کے تعین کا فیصلہ بھی کیا گیا اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دے کر طلباء وطالبات کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کیے جائیں۔ اس موقع پر صدر سپورٹس کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد عالم نے کہا کہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتے ہیں بلکہ نوجوانوں میں نظم وضبط، برداشت، ٹیم ورک، خود اعتمادی اور مثبت مسابقت کے جذبے کو بھی پروان چڑھاتے ہیں۔

بقیہ	سحر	2

نے مطالبہ کیا ہے کہ ایف بی آر، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس، محکمہ فوڈ اور دیگر متعلقہ ادارے ہوٹلوں کے نرخ ناموں، اشیائے خورونوش کے معیار، بلنگ کے نظام اور ٹیکس وصولیوں کی جانچ پڑتال کریں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ قیمتوں اور معیار دونوں پر مؤثر چیک اینڈ بیلنس رکھا جائے اور خلاف ورزی ثابت ہونے پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کروا کر عوام کو غیر ضروری مالی بوجھ سے بچایا جائے اور ہوٹلوں میں اشیائے خورونوش کے معیار اور قیمتوں کو مقررہ ضابطوں کے مطابق یقینی بنایا جائے۔

بقیہ	سحر	3

دیں اور محکمہ جنگلات کے ساتھ تعاون کریں، کیونکہ درخت لگانا اور جنگلات کا تحفظ ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔ سرسبز پاکستان ہی خوشحال پاکستان ہے۔ اس موقع پر نیوکلکز منڈی کے چیئرمین امیر حسین، نائب صدر لکڑ منڈی اور نائب صدر اوینسٹ گروپ کے آف جرنلسٹ رجسٹرڈ اوکاڑہ مرزا ذوالفقار علی، تاجر ملک شفیق ودیگر تاجران نے شریک تھے۔ تاجر رہنماؤں نے محکمہ جنگلات کے اس اقدام کو سراہا اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ	سحر	4

سائیکل پر گھر سے کام کے لئے نکلا اور راستے میں ٹریفک حادثہ کا شکار ہوگیا، ساہیوال روڈ پر گدھا ریڑھی کے کوچوان نے ان ون وے کی خلاف ورزی کے دوران نوجوان کو کچل دیا تھا جس سے وہ شدید زخمی ہوا اور بعد ازاں وہ دم توڑ گیا۔

بقیہ	سحر	5

سڑک کنارے واقع تالاب میں الٹ گئی۔ حادثے میں گاڑی کے اوپر سوار 45 سالہ محمد مشتاق ولد محمد شفیع، سکنہ مانگا، قلعہ کالروالا اور 36 سالہ شاہد ولد بشارت سکنہ لدھڑ روہی والا، ناروال جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر ریسکیو آپریشن مکمل کیا دونوں کو ریسکیو کرنے کہ بعد CPR کرتے ہوئے بچانے کی کوشش کی گ ءمگر وہ جانبر نا ہو سکے۔ بعدازاں دونوں کی ڈیٹ باڈیز کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پسرور منتقل کر دیں۔ ریسکیو 1122 نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ اوورلوڈنگ اور تیز رفتاری سے گریز کریں اور مال بردار گاڑیوں پر غیر محفوظ طریقے سے سفر نہ کریں۔

بقیہ	سحر	6

کارلاتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں گے۔ وکلاء اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے چوہدری عثمان علی گجر کو مبارکباد دیتے ہوئے اس توقع کا اظہار کیا کہ وہ قانونی امور میں اپنی قابلیت اور صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کریں گے۔ انہوں نے ان کے مستقبل کے لیے کامیابی، عزت اور مزید پیشہ ورانہ ترقی کی دعا بھی کی۔

بقیہ	سحر	7

تعلیم کی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے 3.5 ملین روپے کی لاگت سے تیار ہونے والی یہ نئی عمارت علاقے کے بچوں کے روشن مستقبل کی طرف ایک اہم قدم ہے ہم نے جو وعدے عوام سے کیے تھے الحمدللہ آج وہ ایک ایک کر کے تکمیل کی منزل چھو رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ وادی سون کے تمام سکولوں میں بن ؟ادی سہولیات کی فراہمی پینے کے صاف پانی اور کلاس رومز کی کمی کو دور کرنے کے لیے مزید فنڈز جاری کیے جائیں گے تاکہ دور دراز علاقوں کے بچوں کو اپنے گھر کی دہلیز پر معیاری تعلیم میسر آسکے تقریب کے اختتام پر سکول کے

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل گجرات

درخواست برائے درستگی نام: ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ چوہدری احمد خان ولد پولے خان سکنہ کیرانوالہ ڈاکخانہ ماچھیوال تحصیل وضلع گجرات کا نام یونین کونسل ریکارڈ میں احمد خان درج ہے جبکہ درست نام چوہدری احمد خان ہے لہٰذا یونین کونسل ریکارڈ میں درستگی کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زید تحنطی سے رابطہ کریں۔

Cr..Ghafar

بعدالت جناب آصف علی صاحب سول جج درجہ اول/جج ماڈل کورٹ ضلع شیخوپورہ

مرمعہ دعوی استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی بصورت دیگر تکمیل معاہدہ مختص بیع۔ عنوان مقدمہ۔ محمد اشرف سلطانی بنام صوبہ پنجاب وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ 4، محمد اسحاق ولد صادق متوفی بذریعہ وارثان 4A، خرم شہزاد 4B، محمد اویس اسحاق پسران 4C، فرحت اسحاق بیوہ 4D، انسہ اسحاق 4E، فیضہ اسحاق 4F، خزینہ دختران محمد اسحاق قوم چوہان ساکنان مکان نمبر 10، سٹریٹ نمبر 9 بی محلہ لدجیت روڈ شاہدرہ لاہور 5 گل زمان دختر مشتاق احمد ساکن 8 ویسٹ پارک، روڈ نمبر N.P20.3-E-M-NEW، ساؤتھ ویلز امریکہ، امبر مشتاق دختر مشتاق احمد ولد صادق علی قوم چوہان ساکن چک نمبر 37UCC، تحصیل فیروز والہ ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 16-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ نمبر 6 لاہور

مقدمہ نمبر 026 /260، عنوان زرعی ترقیاتی بنک بنام نوید اختر وغیرہ اخبار اشتہار نوید اختر، نوید اقبال ولد سردار خان سکنہ سرسنگھ کلاں تحصیل چونی ضلع قصور

ہرگاہ مدعی مذکورہ عنوان بالا نے آپکے خلاف دعویٰ دلاپانے مبلغ/369691 روپے معہ مارک اپ سود خرچہ غیرہ جو جو اس کو بحیثیت مدعی یا فتنی دائر کیا ہے لہٰذا آپ کے نام سمن زیر دفعہ 9(5) فنانشل ریکوری آف آرڈیننس 2001 بھیجا جاتا ہے آپ پر لازم ہے کہ اس سمن کی تعمیل کی تاریخ سے تیس (30) دن کے اندر آپ درخواست بصورت جواب دعویٰ برائے اجازت دفاع مقدمہ زیر دفعہ 10 آرڈیننس مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کرے مطلع رہیں کہ اگر آپ نے اندر معیاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری مستدعیہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائیگی آئندہ پیشی برائے مزید کاروائی 19-10-2026 مقرر ہے یہ ثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت 14-9-2026 جاری کیا گیا

Cr..Anwar

بقیہ	سحر	8

اساتذہ اور علاقائی معززین نے ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی تعلیمی ورفاہی خدمات کو سراہا اور علاقے کی بہتری کے لیے ان کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا بعدازاں انہوں نے موضع کھبیکی کے محلہ ماڑی والا میں 8-2 ملین کی لاگت سے بجلی سکیم کا افتتاح کیا۔

بقیہ	سحر	9

گئے اور فائرنگ سے تنویر احمد کا بھائی شکیل شدید زخمی ہوگیا۔ واہنڈو پولیس نے مقدمات درج کرلیا ہے۔

بقیہ	سحر	10

کی 2 ہزار 853 شکایات نمٹائی گئیں۔ اس کے علاوہ پبلک ٹرانسپورٹ میں خواتین اور مسافروں کی ہنگامی مدد کے لیے 945 نئے کیو آر پینک بٹن نصب کیے گئے۔ ایس ایس پی ساہیوال ریجن نصراللہ وڑائچ اور ڈسٹرکٹ منیجر اوکاڑہ زین اسلم کی زیرِ نگرانی سیف سٹی نظام کی مؤثر فعالیت، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور متعلقہ پولیس اداروں کے باہمی تعاون کے ذریعے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کے اقدامات جاری ہیں پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے اور ہنگامی حالات میں فوری پولیس امداد یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ شہری کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری مدد کے لیے پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر رابطہ کریں۔

بقیہ	سحر	11

کوبھی تائیکوانڈو میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرنا تھا، سینئر نائب صدر ہارون، نائب صدر محمد جمیل اور جنرل سیکرٹری ذاکر علی اکبر نے دیگر مہمانوں کے ہمراہ پوزیشنز حاصل کرنے والی ٹیموں میں ٹرافیاں جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں میڈلز تقسیم کیے۔

بقیہ	سحر	12

کہ پٹوار خانوں میں پٹواریوں کی عدم دستیابی نے صورتحال مزید سنگین بنا دی ہے۔ دوسری جانب نظام کمپیوٹرائزڈ ہونے کے باوجود اراضی ریکارڈ سینٹر سے آن لائن ریکارڈ کے حصول اور ضروری دستاویزات کی تکمیل میں بھی مشکلات درپیش ہیں۔ شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر جدید نظام کے باوجود عوام کو خوار ہونا پڑے اور بھاری اخراجات بھی برداشت کرنا پڑیں تو ایسی سہولتوں کا فائدہ کیا ہے؟ عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام اور محکمہ مال کے افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیلدار کی فوری تعیناتی، پٹوار خانوں میں عملے کی دستیابی اور اراضی سے متعلق امور کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، جبکہ آن لائن سروسز اور بائیومیٹرک سہولتوں کے اخراجات اور طریقہ کار کا بھی جائزہ لیا جائے تاکہ غریب شہریوں کو غیر ضروری پریشانی اور مالی بوجھ سے نجات مل سکے۔

بقیہ	سحر	13

گاؤں دوبڑی ہیپ موجودھیں سپر وائزر کو دونوں ہیپ اٹھوانے کی ہدایت کی تلیعالی میں صفائی ستھرائی چیک کی 21 میں سے 20 سینٹری ورکر حاضر جبکہ ایک غیر حاضر تھا ایک ٹیم نالہ کی صفائی کررہی تھی کوڑے کی لفٹنگ کے لیے دو رکشے استعمال کیئے جارہے ہیں۔

بقیہ	سحر	14

جوائنٹ سیکرٹری، سید قالب عباس بخاری (ایڈووکیٹ) کو سینئر لیگل ایڈوائزر، چوہدری عدیل یوسف (ایڈووکیٹ) کو لیگل ایڈوائزر، محمد شہروز کو آفس سیکرٹری، رانا فرقان کو فنانس سیکرٹری، ڈاکٹر کلیم اللہ کو ڈپٹی فنانس سیکرٹری، محمد اجمل کو ڈپٹی سیکرٹری اور ساجد حسین، محمد عدنان دانی مکیش کمار کو ممبران منتخب کیا گیا ہے اس موقع پر نومنتخب صدر سید اسد حسین بخاری نے کہا کہ نومنتخب تمام عہدیداران وممبران کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے امید کرتا ہوں کہ تمام دوست شاہین گروپ کو منظم اور فعال کرنے کے لیے اپنا اپنا کردار ادا کریں گے شاہین گروپ کا ہر ممبر میرے دل کی دھڑکن آنکھ کا تارہ اور ماتھے کا جھومر ہے ان کی فلاح بہبود اور مسائل کے حل کے لیے میں ہر وقت حاضر ہوں۔

موقع پر پہنچ گئی اور معاملے کی تحقیقات سمیت قانونی کارروائی شروع کردی۔ پولیس کی جانب سے واقعے میں ملوث ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے کارروائی کی جارہی ہے۔ بچوں کے معمولی تنازعے کا بڑوں تک پہنچ کر تشدد کی شکل اختیار کرنا کئی سوالات کو جنم دیتا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ پولیس تحقیقات مکمل کرکے واقعے میں ملوث

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج وفات ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ احسان علی رضا ولد حاکم علی ساکن سرگودھا روڈ محلہ گوندل پورہ تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے محمد ازان ولد احسان علی رضا ولد حاکم علی کی تاریخ وفات 17-03-2022 کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں اندراج کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زید تحنطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کردیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماعت شاہدہ یٹین دختر محمد یٹین ذات بھٹی سکنہ کھیے والہ ڈاک خانہ ڈونگہ بونگہ تحصیل وضلع بہاولنگر نے اپنے بچوں کی تاریخ پیدائش کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل گلاب علی تحصیل وضلع بہاولنگر میں گزاری ہے محمد اویس ولد وجاہت اقبال کی تاریخ پیدائش مورخہ 10-02-2016 /امداد حسین ولد وجاہت اقبال کی تاریخ پیدائش مورخہ 19-12-2020 / انمول کنول دختر وجاہت اقبال 11-10-2017 درج کروائی ہے عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادرے کو اس تاریخ پیدائش پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر واعتراض دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر یا دفتر یونین کونسل گلاب علی حاضر آکر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار لیٹ اندراج پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

اشتہر۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Donga

بعدالت جناب فائزہ اشفاق صاحبہ سول جج درجہ اول لاہور

دعوی: استقرار حق

عنوان: دیبا یونس وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

اخبار اشتہار بنام غلام مصطفیٰ ولد محمد یونس سکنہ مکان نمبر 12 گلی نمبر 07 محلہ فیض بخش باغبانپورہ لاہور کینٹ ضلع لاہور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کی وہ عدالت ہذا میں بتقرر 16 اکتوبر 2026 بوقت 8 بجے عدالت ہذا میں پیش ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Anwar

بقیہ	سحر	15

اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کے شاندار سے ثابت ہوتا ہے کہ عوام جماعت اسلامی کے ساتھ ہے۔ جماعت اسلامی نے ہمیشہ عوام کے مسائل حل کروانے ہیں اور ان کے جائز حقوق کے لیے جہدوجہد کررہی ہے

بقیہ	سحر	16

سردار کررہے ہیں جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیرِ نگرانی تحصیل بھر میں صفائی کی سرگرمیاں جاری ہیں آپریشن کے دوران شہر کے بازاروں، مرکزی شاہراہوں، گلیوں، محلوں، چوکوں، تجارتی مراکز اور عوامی مقامات کے ساتھ ساتھ دیہات، دیہی آبادیوں، رابطہ سڑکوں اور گاؤں کی گلیوں میں بھی صفائی ستھرائی کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ	سحر	17

کے تحت شہری علاقوں، گلیوں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر صفائی برقرار رکھنا ضلعی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، جس کے لئے مسلسل مانیٹرنگ اور فیلڈ میں عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز میاں سرمد حسین اور اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ	سحر	18

قوانین کی خلاف ورزی پر 250 سے زائد گاڑیوں کے چالان کئے گئے، 4 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جارہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

بقیہ	سحر	19

طریقے سے نامعلوم ملزمان کی تلاش جاری ہے

بقیہ	سحر	20

خلاف ورزی، رات گئے تک غیر ضروری سرگرمیوں کا جاری رہنا اور نوجوانوں کو مبینہ طور پر غیر صحت مند ماحول میسر آنا قابلِ توجہ معاملہ ہے۔

بقیہ	سحر	21

تعلیمات کو عملی زندگی میں اپنانا ناگزیر ہے۔

بقیہ	سحر	22

کہ تحصیل بھر میں صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے بیٹ سسٹم کا جلد نفاذ یقینی بنایا جائے اور بیٹ پلان کے مطابق صفائی سرگرمیوں کو منظم کیا جائے تاکہ ہر علاقے میں صفائی کے امور کی باقاعدہ نگرانی اور بروقت تکمیل ممکن ہو سکے انہوں نے ہدایت کی کہ صفائی عملے کی ذمہ داریاں واضح کی جائیں مقررہ بیٹس میں صفائی کے معیار کو برقرار رکھا جائے اور کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی سمیت تمام صفائی سرگرمیوں کی مؤثر مانیٹرنگ کی جائے ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے تحت شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور صفائی کے نظام میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کو یقینی بنایا جائے

بقیہ	سحر	23

اور موصولہ درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ شہریوں

بعدالت جناب عمر فاروق صاحب فیملی جج دیپالپور

عنوان: حسینہ بی بی وغیرہ بنام آصف علی وغیرہ

دعویٰ دلاپانے خرچہ نا نو نفقہ ودلاپانے سامان جہیز ودلاپانے زیور طلائی

اشتہار بنام 1۔ آصف علی ولد مظفر علی 2۔ افتخار علی ولد مظفر علی 3۔ مظفر علی ولد سوداگر اقوام ساکنان موضع بکن کی تحصیل چونیاں ضلع قصور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ پیشی 17-10-2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر آوے بصورت دیگر آپ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..G. Rasoo

بعدالت جناب زائرہ منظور ملک صاحبہ جج فیملی کورٹ سرگودھا

دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع وغیرہ

شمیم اختر بنام نصراللہ

اشتہار بنام: نصراللہ ولد غوث محمد سکنہ چک نمبر 54 شمالی ڈاکخانہ خاص چک نمبر 55 شمالی سرگودھا

مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقر 16-10-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب محترمہ عمارہ سرفراز صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

محمد سلیم بنام ایکسائز وغیرہ

مقدمہ نمبر 1 / 32 6 بابت سال 26 - 5 - 5 دعویٰ۔ استقرار حق۔ محمد سلیم ولد محمد ادریس قوم انصاری سکنہ دھوڑ کوٹ تحصیل وضلع قصور بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ جس میں مورخہ 15-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت دعویٰ کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

Cr..Bhuta

بعدالت جناب اظہر فرید صاحب سول جج درجہ اول لاہور

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ عنوان: اکرام الحق بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار: اکرام الحق ولد عبدالحق سکنہ مکان نمبر 29، گلی نمبر 33، بابر سٹریٹ، گڑھی شاہو، لاہور بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت دعویٰ/درخواست ہذا ہو تو وہ بتقرر 11 نومبر 2026 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو بصورت دیگر بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج جاری ہو

Cr..Anwar

بقیہ	سحر	24

تحسین تفصیلات کے مطابق بابا گورونانک یونیورسٹی شعبہ ریاضی کے زیر اہتمام دوسری قومی ریاضی کانفرنس کا عنوان ''پائیدار ترقی کے لیے ریاضی کی تعلیم میں تبدیلی'' رکھا گیا ہے۔ کانفرنس میں چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر کی 70 جامعات کے ایک سو سے زائد اساتذہ، محققین اور طلبہ وطالبات نے تحقیقی مکالے پیش کئے، کانفرنس کے دوروز کے دوران مختلف سیشنز کا انعقاد کیا گیا جس میں محققین اور مقررین نے ریاضی کی اہمیت، روزمرہ زندگی میں اس کے استعمال اور جدید سائنسی ترقی میں اس کے کردار کو اجاگر کیا، انہوں نے کہا کہ ریاضی محض اعداد وشمار کا علم نہیں بلکہ جدید سائنسی ترقی، تحقیق اور مسائل کے حل کی بنیاد ہے۔

بقیہ	سحر	25

طور پر ایف ایم او کے ساتھ رابطے میں رہے گا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز میاں سرمد حسین اسسٹنٹ کمشنر رانا صفدر شبیر اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ اور اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ	سحر	26

سی ایم پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایت پر ایس ڈی پی او سرکل سمبڑیال سجاد باجوہ کی قیادت میں بچوں اور خواتین کو ہراساں اور زیادتی کرنے والے ملزمان کسی رعائت کے مستحق نہیں ہیں معاشرے کے ان ناسوروں کے خلاف بلا امتیاز کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ	سحر	27

ایس کمشنر ساہیوال کے پاس زیر سماعت ہے، مذکورہ افراد نے مخالفین سے مل کر میرے مکان پر قبضہ کی کوشش کی ہے، میں نے تھانہ سٹی عارفوالا درخواست دی مگر میری شنوائی نہیں ہوئی متاثرہ اللہ دتہ رحمانی نے چیف جسٹس اف پاکستان، وزیراعلیٰ، پنجاب مریم نواز شریف، آئی جی پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، کمشنر ساہیوال، ار پی او ساہیوال، ڈی پی او پاکپتن، انسانی حقوق کی تنظیموں، اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے میرا مقدمہ درج کیا جائے مجھے انصاف اور تحفظ دیا جائے۔

بقیہ	سحر	28

دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے کھیل کے اعلیٰ معیار کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین سے خوب داد وصول کی۔ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں میڈلز اور تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے، جبکہ ادارہ دی ماسٹرز کی جانب سے مہمانانِ خصوصی کو تعریفی شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔ مہمانانِ خصوصی نے ایونٹ کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر گولڈ کپ اینڈ کراٹے سپر لیگ سیزن ٹو کا کامیاب انعقاد ضلعی انتظامیہ اوکاڑہ اور ادارہ دی ماسٹر کی جانب سے کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی کوششوں کا مظہر ہے۔ اوکاڑہ کنگ کی مسلسل دوسری کامیابی نے ٹیم کی محنت، نظم وضبط اور بہترین تیاری کو نمایاں کیا، جبکہ ایونٹ نے کراٹے کے شائقین کو معیاری اور سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کا موقع فراہم کیا۔ کامیاب ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر اور ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے سپر لیگ کے شاندار انعقاد پر ادارہ کے ماسٹر نعیم اختر، محمد وسیم طارق کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے شیلڈز بھی پیش کیں

بقیہ	سحر	29

سید حسن رضا نے ای؟ رپورٹ کے قریب واقع کینال ویو پارک کا دورہ کیا اور وہاں جاری تزئین وآرائش کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پارک میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور معیار برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ کینال ویو پارک میں دیدہ زیب

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع پاکپتن شریف

ہرخاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ محمد نذیر احمد ولد سجاوہ قوم بلوچ سکنہ 59 ایس پی تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے، اس کے والدہ زینب بی بی کے ڈیتھ سرٹیفکیٹ میں اس کا شناختی کارڈ نمبر درج نہ ہے، شناختی کارڈ نمبر 3640207353902 درج کرنا قانونی امر ہے، لہذا شناختی کارڈ کا اندراج یونین کونسل ہیلہ وڈواں پاکپتن میں درج کروانا ہے، اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 یوم رابطہ کرسکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

بعدالت جناب آصف اقبال صاحب فیملی جج سلانوالی ضلع سرگودھا

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

شمیم بی بی وغیرہ بنام خالد محمود وغیرہ

اشتہار بنام: خالد محمود ولد شوکت علی، شوکت علی والد خالد محمود ملک سکنائے چک نمبر 04-TDA تحصیل وضلع سرگودھا

مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقر 19-10-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب مخدوم حیدر بھٹی صاحب سول جج درجہ اول قصور

طاہر جمیل بنام ثوبیہ بی بی وغیرہ دعویٰ۔ منسوخی

رجسٹری۔ اشتہار بنام؛۔ سب رجسٹرار قصور، اہل کمیشن نائب تحصیلدار موضع قطبہ قصور، ADLR قصور، محمد شہزاد ولد عبدالواحد قوم جٹ سکنہ اچے لدھیکی لاہور، محمد حامد ولد محمد شفیق سکنہ کوٹ عبداللہ شاہ مزنگ لاہور مقدمہ ہذا میں مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 28-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhuta

بعدالت محبوب اختر بھٹہ نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد نواز ولد محمد طفیل چک نمبر 40 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد طفیل والد، محمد بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، ساجدہ پ

بقیہ 1 — سحر

کا دہشت گردی کے خلاف رویہ غیر سنجیدہ تھا، سہیل آفریدی نے اپنی سیاسی کو پروان چڑھانے کو ترجیح دی، ایک سیاسی جماعت کے نظریے کی وجہ سے دہشت گردی کو ہوا ملی، کیا صوبائی حکومت کا فرض نہیں ہے کہ وہ جنازوں میں جائیں؟ ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ آگے بڑھنا چاہتے تھے، دوسری طرف سے بانی کی رہائی اور ان سے ملاقاتوں کا مطالبہ کیا جاتا رہا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا متحد ہو کر کام کرنا مضبوط پاکستان کے لیے ناگزیر ہے، ہمیں سیاست سے زیادہ ریاست عزیز ہے، ایمرجنسی کے اعلان کے بعد 10 روز میں ایوان سے منظوری لازم ہے، سزا یافتہ شخص کیلئے رہائی کا سب سے اہم فورم عدالت ہے۔ بدھ کو اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت ہونے والے قومی اسمبلی اجلاس وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے وقفہ سوالات معطل کرنے کی قرارداد پیش کی جسے اسپیکر نے منظور کر لیا اور پھر کے پی میں ایمرجنسی سے متعلق صدارتی فرمان سے متعلق قرارداد بحث کیلئے ایوان میں پیش کی۔ بعد ازاں خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ہنگامی حالت کے نفاذ سے متعلق صورتحال پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے وزیر قانون اعظم نذیر نے کہا کہ آئین کے آرٹیکلز 232 اور 234 مخصوص حالات میں غیر معمولی اقدامات کی اجازت دیتے ہیں، صوبے میں داخلی بدامنی، سرحد پار سے دراندازی، دہشت گردی میں اضافے اور آئینی نظام کے موثر طور پر کام نہ کرنے سے متعلق موصولہ رپورٹس پر کابینہ میں غور کیا گیا جس کے بعد وزیر اعظم کو صدر مملکت سے آئینی طریق کار اختیار کرنے کی سفارش کرنے کا مشورہ دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا متحد ہو کر کام کرنا مضبوط پاکستان کیلئے ناگزیر ہے، تاہم خیبر پختونخوا میں انسداد دہشت گردی کے اقدامات کو وہ توجہ نہیں دی گئی جس کی ضرورت تھی، گورنر خیبر پختونخوا بھی طویل عرصے سے صوبے کی بگڑتی سکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار کر رہے تھے اور انہوں نے صدر مملکت اور وزیر اعظم کو خطوط کے ذریعے حالات سے آگاہ بھی کیا تھا۔ اعظم نذیر تارڑ نے دہشت گردی کے اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے کہا کہ 2021 سے 2024 تک خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے 2,911 واقعات رپورٹ ہوئے جبکہ 15 اکتوبر 2025 سے 9 اکتوبر 2026 تک تقریباً ایک سال کے دوران یہ تعداد بڑھ کر 3,787 سے تجاوز کر گئی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں دہشت گردی کے واقعات کی تعداد گزشتہ تین سال کے مجموعی واقعات سے بھی زیادہ رہی جبکہ شہادتوں اور زخمیوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا، افواج پاکستان، پولیس، سکیورٹی فورسز اور شہریوں نے بے پناہ قربانیاں دے کر دہشت گردی کی بڑی لہر پر قابو پایا تھا، تاہم دہشت گردی نے دوبارہ شدت اختیار کرنا شروع کر دی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ غیر معمولی سکیورٹی حالات میں صوبائی حکومت کی اولین ذمہ داری عوام کے تحفظ، متاثرہ خاندانوں کی دلجوئی، زخمیوں کی عیادت اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ مربوط حکمت عملی اختیار کرنا ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے طرز عمل پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی کے واقعات اور شہادتوں کے باوجود سیاسی سرگرمیوں اور مختلف شہروں کے دوروں کو ترجیح دی گئی جبکہ حکومت کو روزانہ کی بنیاد پر اجلاس منعقد کر کے جامع ایکشن پلان مرتب کرنا اور اس پر موثر عمل درآمد یقینی بنانا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے ذاتی اور سیاسی مفادات پر قومی مفادات کو ترجیح دینا آئینی حلف کا بنیادی تقاضا ہے جب کسی صوبے میں امن و امان کی صورتحال سنگین ہو جائے اور آئینی مشینری موثر طور پر کام کرنے کے قابل نہ رہے تو آئین میں فراہم کردہ اختیارات کے استعمال پر غور کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ اقدام کسی خوش دلی سے نہیں بلکہ مفاہمت اور بہتری کی کوششوں کے باوجود حالات میں تبدیلی نہ آنے پر آخری راستے کے طور پر اختیار کیا گیا۔

بقیہ 2 — سحر

بنا رہے ہیں، ایمرجنسی لگانا کوئی خوشی کی بات نہیں ہوتی، اگر ہمیں کوئی ٹھوس جواز دیا جاتا تو صدر دستخط نہ کرتے، وزیر اعظم شہباز شریف پی ٹی آئی کو ایک بار مذاکرات کی دعوت دیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب کو متحد ہونا ہوگا، کوئی ایک فرد یا ادارہ اکیلا دہشت گردی کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ بدھ کو اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ صدر نے آئین کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کی، حکومت نے اپوزیشن کو مذاکرات میں شامل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی، تاہم صوبائی قیادت کے رویے کے باعث ایسے حالات پیدا ہوئے کہ یہ اقدام کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے خودکش حملہ کیا، ان حالات میں پی ٹی آئی کی صوبائی قیادت کا کردار اہم ہے، صوبائی حکومت کو کوئی ٹھوس وجہ بتانی چاہیے تھی کہ ایمرجنسی نافذ نہ کی جائے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہماری جماعت کے دو نمائندے اس کمیٹی میں شامل تھے جو اپوزیشن سے مذاکرات کر رہی تھی، رات گئے انہیں بتایا گیا کہ مذاکرات کامیاب ہو رہے ہیں اور اپوزیشن اس بات پر متفق ہو چکی ہے کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کا مل کر مقابلہ کرے گی

بقیہ 3 — سحر

بے کے مختلف علاقوں میں روزمرہ کی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں جبکہ ایبٹ آباد، کرک اور چترال میں نئے سیٹ اپ کے حق میں شہریوں کی جانب سے جشن منایا گیا اور مٹھائیاں تقسیم کی گئیں، پشاور، چترال، باجوڑ اور دیگر علاقوں میں دکانیں اور کاروباری مراکز کھلے رہے اور شہری اپنی روزمرہ کی مصروفیات میں مشغول رہے، سیاسی صورتحال میں تبدیلی کے باوجود مختلف شہروں میں کاروبار زندگی معمول کے مطابق جاری رہا۔ دوسری جانب ایبٹ آباد، کرک اور چترال میں صوبے میں نئے سیٹ اپ کے حق میں خوشی کا اظہار کیا گیا۔ کرک میں شہریوں نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مٹھائیاں تقسیم کیں جبکہ ایبٹ آباد میں نئے سیٹ اپ کے حق میں ریلی نکالی گئی۔ چترال میں پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے پر مٹھائیاں تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 4 — سحر

کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیمتی پتھروں کی برآمدات بڑھانے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں۔ بدھ کو وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت قیمتی پتھروں و جواہرات کے شعبے کی ترقی اور ان کی برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس یہاں منعقد ہوا۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قیمتی پتھروں و جواہرات کے شعبے کی ترقی کے حوالے سے اقدامات ترجیح ہیں، اس حوالے سے کسی قسم کی سست روی قبول نہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قیمتی پتھروں کی کان کنی اور ان کی تراش خراش سے ویلیو ایڈیشن کا ایک پورا ایکو سسٹم تیار کیا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ غیر معیاری طریقے سے کان کنی اور قیمتی پتھروں کی اسمگلنگ سے ملک کو سالانہ اربوں ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے، پاکستان کو اللہ رب العزت نے قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال کیا ہے۔ وزیر اعظم نے حکم دیا کہ قیمتی پتھروں اور معدنیات کے وسیع ذخائر سے برآمدات میں اضافے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں، خطے کے دیگر ممالک کی طرح قیمتی پتھروں و جواہرات کیلئے برانڈ پاکستان پر کام کریں، ویلیو ایڈیشن کیلئے سینٹرز آف ایکسیلینس کے جلد قیام کا لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔ وزیر اعظم نے پائلٹ پراجیکٹس اور قیمتی پتھروں کی ماڈل مائنز کی تعمیر کیلئے تمام تر رکاوٹیں دور کرنے اور منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو قیمتی پتھروں کی کھوج، تراش خراش اور ان کی ویلیو ایڈیشن کے بعد برآمدات کیلئے تیاری کے پائلٹ پراجیکٹ پر پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ حسین آباد سکردو میں سینٹر آف ایکسیلینس منصوبے کیلئے 4.8 کنال زمین منتقل ہو چکی، منصوبے کے لئے فنڈز دستیاب ہیں اور تعمیر جلد شروع کر دی جائے گی۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ آزاد جموں و کشمیر اور اسلام آباد میں منصوبے کیلئے زمین کی نشاندہی ہو چکی ہے، اسلام آباد میں سینٹر آف ایکسیلینس کی تعمیر تک اسے متبادل جگہ پر مکمل طور پر آپریشنل کر دیا جائیگا۔ اجلاس کو شعبے کی ترقی کیلئے پالیسی اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ قیمتی پتھروں و جواہرات کے حوالے سے نشاندہی شدہ علاقوں کی جیولاجیکل میپنگ مکمل ہو چکی جس میں گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر اور خیبر پختونخوا میں 8 نئے بلاکس کی قیمتی پتھروں کی دریافت کے حوالے سے مزید کام کیلئے نشاندہی کی گئی ہے۔ اجلاس میں دی گئی بریفنگ کے مطابق اس سال شعبے کی ترقی کے لئے پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ کی مد میں ایک ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ برآمد کنندگان کی سہولت کے لیے 7 شہروں کے 10 بینکوں کی 80 شاخوں میں ایکسپورٹ فیسلیٹیشن ڈیسک قائم کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم نے آئندہ ہفتے قیمتی پتھروں و جواہرات کیلئے سینٹرز آف ایکسیلینس کے قیام اور شعبے کی ترقی کے حوالے سے اقدامات کا جامع لائحہ عمل مرتب کر کے پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وفاقی وزرا جام کمال خان، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احمد خان چیمہ، احسن اقبال، عطا اللہ تارڑ، علی پرویز ملک، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 5 — سحر

ہوئے کہا ہے کہ خطے میں قیام امن کیلئے پاکستان کی کوششیں قابل تعریف ہیں۔ وہ پاکستان عمان مشترکہ وزارتی کمیشن کے 8ویں اجلاس میں افتتاحی کلمات ادا کر رہے تھے۔ نائب وزیر اعظم نے عمان کے وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا پاکستان آمد پر خیر مقدم کیا اور صدر مملکت اور وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے عمان کے سلطان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور عمان کے درمیان مشترکہ وزارتی کمیشن کا اجلاس 7 سال بعد منعقد ہو رہا ہے، دونوں ممالک نے اتفاق کیا ہے کہ آئندہ اجلاسوں کے درمیان اتنا طویل وقفہ نہیں ہونا چاہیے تاکہ تجارت، اقتصادی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکے۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان محدود سطح کی ملاقات میں دو طرفہ دلچسپی کے مختلف شعبوں اور عالمی و علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جن میں امریکا ایران جنگ، آبنائے ہرمز، باب المندب، فلسطین، غزہ اور جموں و کشمیر سمیت خطے کے دیگر اہم مسائل شامل ہیں۔ انہوں نے علاقائی امن کے فروغ اور امت مسلمہ کے درمیان امن کے لیے عمان کی قیادت کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ان کوششوں کا معترف ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ذاتی طور پر بھی عمانی قیادت کی کاوشوں کے قدر دان ہیں اور جانتے ہیں کہ اس مقصد کیلئے کتنی محنت کی گئی ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اور خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے درمیان تعلقات منفرد نوعیت کے ہیں۔ دونوں ممالک اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی)، اقوام متحدہ اور دیگر کثیر جہتی اداروں کے رکن ہیں

بقیہ 6 — سحر

ون بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں تجارتی فریم ورک معاہدے پر پیش رفت اور امریکا سے درآمدات میں اضافے کے ذریعے توانائی کے ذرائع میں تنوع لانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے ایندھن کی مسلسل فراہمی برقرار رکھنے اور معاشی طور پر کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انسداد منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے انتظامات، فنانشل ایکشن ٹاسک فورس سے متعلق پیش رفت اور امریکی انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن و ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے ذریعے منصوبوں کی مالی معاونت پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے ریکوڈک منصوبے، اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون، منصوبے کی سلامتی اور نجی سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ ملاقات میں بوئنگ طیاروں کی خریداری اور مالی معاونت، ہوا بازی سے متعلق منظوریوں، ڈیجیٹل اثاثوں کے ضابطہ جاتی نظام اور ترسیلاتِ زر اور یورو بانڈز کے ٹوکنائزیشن کے ممکنہ استعمال پر بھی تبادلہ خیال کیا

بقیہ 7 — سحر

مت ختم ہونے کے باوجود سابق وزرا کے پاس سرکاری گاڑیاں ہیں۔ بعض سابق وزرا، مشیروں اور معاونینِ خصوصی کے پاس 3 سے 4 سرکاری گاڑیاں ہیں۔ سابق پارلیمانی سیکرٹریوں کے پاس بھی سرکاری گاڑیاں ہونے کا انکشاف ہوا ہے، بعض نجی سوشل میڈیا شخصیات کے زیر استعمال بھی سرکاری گاڑیاں ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق بعض سابق کابینہ اراکین سرکاری گاڑیاں واپس کر چکے ہیں۔ متعلقہ حکام کی جانب سے گاڑیوں کی واپسی کے معاملے کا جائزہ لیا جا رہا

بقیہ 8 — سحر

جنرل اور ڈپٹی چیئرمین کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق سہیل ناصر کو پراسیکیوٹر جنرل نیب تعینات کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سید احتشام قادر شاہ کو ڈپٹی چیئرمین نیب تعینات کیا گیا ہے۔ سہیل ناصر اس سے قبل ڈپٹی چیئرمین نیب کے عہدے پر تعینات تھے، جبکہ سید احتشام قادر شاہ اس سے پہلے پراسیکیوٹر جنرل تعینات تھے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ دونوں عہدوں پر تعیناتیاں 3، 3 سال کے لیے کی گئی

بقیہ 9 — سحر

عدالت میں بشریٰ بی بی سزا معطلی کیس کی سماعت چیف جسٹس امین الدین خان سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کی۔ بشریٰ بی بی کے وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیئے، سلمان اکرم راجہ بھی کمرہ عدالت میں سلمان صفدر کیساتھ موجود تھے۔ سلمان صفدر نے کہا کہ خاتون کے لیے عدالتوں نے ہمیشہ نرم گوشہ رکھا ہے، نیب کا رویہ 13 ماہ میں قابل اعتراض رہا، نیب نے کئی سماعتوں پر التواء لیا، نیب نے سزا معطلی کی درخواست پر بھی اعتراض کیا، سزا کے بعد اب بشریٰ بی بی کی ضمانت کا قانونی جواز بن چکا ہے، بشریٰ بی بی خاتون ہونے پر سزا معطلی مانگی، کیس میں سارا فوکس بانی کے اپیل پر رہا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ میرٹ پر اس موقع پر نہ جائے، عدالت کے سامنے سزا معطلی کا کیس ہے۔ سلمان صفدر نے موقف اپنایا کہ خاتون کے لیے عدالتوں نے ہمیشہ نرم گوشہ رکھا ہے، نیب کا کیڈیکٹ 13 ماہ میں قابل اعتراض رہا، نیب نے کئی سماعتوں پر التواء لیا، نیب نے سزا معطلی کی درخواست پر بھی اعتراض کیا، سزا کے بعد اب بشریٰ بی بی کی ضمانت کا قانونی جواز بن چکا ہے، بشریٰ بی بی خاتون ہونے پر سزا معطلی مانگی، کیس میں سارا فوکس بانی کے اپیل پر رہا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ میرٹ پر اس موقع پر نہ جائے، عدالت کے سامنے سزا معطلی کا کیس ہے، جسٹس باقی نجفی نے کہا کہ مرکزی اپیل سماعت کیلئے کتنی بار لگی ہے۔ عدالت نے بشریٰ بی بی سزا معطلی کیس کی سماعت مکمل کر لی، چیف جسٹس امین الدین نے کہا کہ آرڈر کا انتظار کریں جبکہ عدالت نے سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 10 — سحر

پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ یورپی یونین کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 18 ماہ کے دوران پاکستان سے غیر قانونی نقل مکانی میں 64 فیصد کمی آئی ہے۔ صدر مملکت سے یورپی کمشنر برائے داخلہ امور مگنس برونر کی ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات، تارکین وطن کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام، قانونی نقل مکانی میں سہولت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آصف علی زرداری نے کہا کہ یورپی یونین کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 18 ماہ کے دوران پاکستان سے غیر قانونی نقل مکانی میں 64 فیصد کمی آئی، پاکستان خطے کا واحد ملک ہے جس نے اس قدر کمی حاصل کی۔ مزید براں یورپی کمشنر کی غیر قانونی تارکین وطن کو روکنے کے لیے پاکستان کی کوششوں کی تعریف

بقیہ 11 — سحر

میاں سعید کے مطابق پولیس لائنز سے اے پی سی اور اینٹی رائٹ اسکواڈ بھی روانہ کیا گیا۔ سی سی پی او کے مطابق ہاڑہ بازار اور اس کے اطراف میں فول پروف سیکیورٹی کے اقدامات کیے گئے ہیں، ڈرون کیمروں کی مدد سے علاقے کی نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ سی سی پی او پشاور نے کہا کہ کسی کو احتجاج کی آڑ میں قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی، امن و امان خراب کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے

بقیہ 12 — سحر

مزید کارروائی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا دیکھے گی کہ امریکا ایران کے ساتھ کیا کرتا ہے، واشنگٹن کی بنیادی ترجیح ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ریاست الاسکا کے شہر ویسلا میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتظار کریں اور دیکھیں کہ امریکا ایران کے خلاف کیا اقدامات کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کے معاملے پر اب بہت حد تک فیصلہ کر چکا ہے جبکہ ایرانی حکام بھی انتظار کر رہے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ان کے نزدیک سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیئے جائیں

بقیہ 13 — سحر

میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کے ساتھ مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان میناپ کے اجلاس میں شرکت کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے پاکستان کی معاشی پیش رفت اور علاقائی چیلنجز پر اظہار خیال کیا۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ مالیاتی خسارہ 22 سال کی کم ترین سطح پر آ گیا ہے، مسلسل تین سال بنیادی مالیاتی سرپلس حاصل کیا گیا ہے اور معاشی شرح نمو 3.7 فیصد رہی ہے۔ انہوں نے زرمبادلہ کے ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے جن سے تین ماہ کی درآمدات پوری کی جا سکتی ہیں۔ وزیر خزانہ نے موسمیاتی و علاقائی دھچکوں سے نمٹنے کی بہتر صلاحیت کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری، ستمبر میں یورو بانڈ کے اجرا اور 7 اکتوبر کو آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے کو معاشی پیش رفت کے شواہد قرار دیا۔ وزیر خزانہ نے اصلاحات کے عمل جاری رکھنے، کم آمدنی والے طبقات کے تحفظ اور سماجی ہم آہنگی برقرار رکھنے کے لیے ایسی ہدفی اور محدود مدت کی سبسڈی فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا جس سے بجٹ پر اضافی بوجھ نہ پڑے۔ انہوں نے توانائی کے ذرائع اور تجارتی راستوں میں تنوع، علاقائی انضمام کو مزید گہرا کرنے اور رسد و ترسیل کے نظام اور غذائی نظام میں سرمایہ کاری کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 14 — سحر

اور پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ بدھ کو سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ و گولہ بارود برآمد کر لیا ہے، برآمد شدہ سامان میں آر پی جی 7، 5 گولے، میگزینز سمیت 5 جدید ہتھیار، 3 موبائل فونز اور 2 موٹر سائیکلیں شامل ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو جدید ہتھیاروں سے نشانہ بنایا گیا، ہلاک دہشت گرد بلوچ عوام کو لوٹنے، خوف و ہراس پھیلانے اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے میں ملوث تھے۔ سکیورٹی فورسز بلوچستان سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع واشک میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو نقصان پہنچانے اور عوام میں خوف و ہراس پھیلانے والے دہشت گرد عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں دہشت گردوں کے خلاف ہمارے غیر متزلزل قومی عزم کا مظہر ہیں۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے ضلع واشک کے علاقہ پلانک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 5 دہشتگرد جہنم واصل کیے جو لائق تحسین ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آپریشن میں دہشتگردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد ہوا جو درپیش چیلنج کی سنگینی کو ظاہر کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی جانب سے جاری کامیاب کارروائیاں دہشت گردوں کے خلاف ہمارے غیر متزلزل قومی عزم کا مظہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف مشترکہ قومی عزم دراصل ملکی امن و سلامتی کا ضامن ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوان قومی سلامتی کے لئے بیش قدر قربانیاں پیش کر رہے ہیں۔ سکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور شاندار کارکردگی پر پوری قوم انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور حکمت عملی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، ملک سے دہشت گردی کی برائی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بھرپور قومی حمایت اور پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو بہادر مسلح افواج پر فخر ہے جو دفاع وطن کے لیے ہر دم تیار ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے ضلع واشک میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے 5 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کے غیر متزلزل عزم اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ فتن الہندوستان کے دہشت گردوں کے ناپاک اور مذموم عزائم کو خاک میں ملانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 میں حصہ لینے والے وطن کے جری جوانوں کی بروقت اور موثر کارروائیاں ملکی بقا اور قومی سلامتی کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کی واضح عکاس ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی اور پوری قوم مادر وطن کے دفاع کے لیے سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔

بقیہ 15 — سحر

سے متعلق قرارداد بحث کیلئے پیش کرنے کیلئے وقفہ سوالات معطل کرنے کی قرارداد منظور کر لی گئی

بقیہ 16 — سحر

ی پیشوا پوپ لیو XIV کی سرجری کے بعد ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ وہ پاکستان کے عوام اور حکومت کی طرف سے پوپ لیو کی جلد مکمل صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف پاکستان کی مسیحی برادری بلکہ پوری قوم ان کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہمدردی، امن اور انسانی وقار کے حوالے سے ان کا پرعزم پیغام پاکستان سمیت دنیا بھر کے عوام کے دلوں میں گہری اہمیت رکھتا ہے، ہم دعا گو ہیں کہ وہ نئی توانائی اور عزم کے ساتھ انسانیت کی گراں قدر خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں

بقیہ 17 — سحر

کی معاشی پیش رفت اور خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کے امکانات بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں وزیر خزانہ نے ستمبر میں بانڈ کے کامیاب اجرا، سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت اور آئی ایم ایف پروگرام کے تحت پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ وزیر خزانہ نے ٹیکس وصولیوں میں بہتری، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے، کرنسی سویپ اور فارورڈ معاہدوں سے متعلق واجبات میں کمی بارے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ڈھانچہ جاتی اصلاحات، مالیاتی نظم و ضبط اور برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی میں پرعزم ہے۔ انہوں نے مسلسل معاشی بہتری کے ذریعے پاکستان کو ڈبل بی کریڈٹ ریٹنگ کے درجے تک پہنچانے کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔ ملاقات میں زرعی آمدنی پر ٹیکس، توانائی اور غذائی تحفظ، ہدف پر مبنی ریلیف اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت پر گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ ایس اینڈ پی نے کریڈٹ ریٹنگ کے حوالے سے پالیسیوں کے تسلسل، اصلاحات پر عملدرآمد، سودی ادائیگیوں کے بوجھ میں کمی اور بیرونی مالیاتی ذخائر کو مضبوط بنانے کو اہم عوامل قرار دیا

بقیہ 18 — سحر

کے لیے جنگ بندی پر متفق ہو گئے ہیں تاہم اس دعوے کی مکمل طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے 11 اکتوبر کو اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر اعلان کیا تھا کہ روس اور یوکرین کے درمیان توانائی کی تنصیبات پر حملے روکنے کا معاہدہ فوری طور پر نافذ ہو گیا ہے۔ یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا کہ انہیں ایسے کسی معاہدے کا علم نہیں، البتہ روس کی رضامندی کی صورت میں وہ اس کی حمایت کریں گے۔ یوکرین نے دعویٰ کیا کہ ٹرمپ کے اعلان کے باوجود روس نے اس کی گیس تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ دوسری جانب روس نے بھی معاہدے کی تصدیق نہیں کی جبکہ کریملن کے ترجمان نے صرف اتنا کہا کہ رابطے جاری

بقیہ 19 — سحر

ن ڈاکٹرز کو ہاؤس جاب کرنے سے روک دیا گیا۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق پی ایم ڈی سی کے مراسلے کی روشنی میں ہدایات جاری کرتے ہوئے 6 افغان ڈاکٹرز کو فوری طور پر ہاسٹل خالی کرنے اور پاکستان چھوڑنے کا حکم دیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق وزیر اعظم کی ہدایات پر عمل درآمد کے لیے یہ اقدامات کیے گئے ہیں۔ دوسری جانب محکمہ صحت خیبر پختونخوا نے 30 ڈاکٹروں کو ملازمت سے فارغ کرنے کا اعلامیہ جاری کر دیا، اعلامیہ کے مطابق ان ڈاکٹروں کو انکی وضاحتوں، پیش کردہ شواہد اور انکوائری رپورٹس کا جائزہ لینے کے بعد برطرف کیا گیا، تمام ڈاکٹروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے تھے، ذاتی سماعت کا موقع دینے کے بعد کارروائی مکمل کی گئی، برطرف کیے گئے ڈاکٹروں سے سرکاری واجبات کی وصولی ب

جہاں آپ نے ایمرجنسی لگائی وہاں دہشتگردوں کے پیچھے کوئی اور چھپ رہا ہے، بیرسٹر گوہر

دہشت گردی پاکستان میں کہیں بھی نہیں ہونی چاہیے، دہشت گردوں کو کہیں بھی چھپنے کی جگہ نہیں ملنی چاہیے

آپ نے جمہوریت پر شب خون مارا ہے، آپ نے پورے پاکستان کو غیر فعال کر دیا، قومی اسمبلی میں حکومت پر تنقید

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ جہاں آپ نے ایمرجنسی لگائی وہاں دہشت گردوں کے پیچھے کوئی اور چھپ رہا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ آپ نے ایک حکومت کو گھر بھیجا، آپ کے تمام نوٹیفکیشن مسترد کرتے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آپ نے جمہوریت پر شب خون مارا ہے، آپ نے پورے پاکستان کو غیر فعال (بقیہ نمبر 41)

لاہور ایل ڈی اے کی بڑی کارروائی، 25 املاک سربمہر، تجاوزات مسمار

غیر قانونی کمرشل عمارتوں اور نادہندگان کیخلاف گلبرگ، اقبال ٹاؤن اور قائدِ اعظم ٹاؤن میں آپریشن

لاہور (وقائع نگار) غیر قانونی کمرشل عمارتوں اور کمرشل فیس کے نادہندگان کے خلاف لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) کی بلاامتیاز کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں، جس کے دوران مختلف علاقوں سے 25 املاک سربمہر اور متعدد تجاوزات مسمار کر دی گئیں۔ ایل ڈی اے کی ٹاؤن پلاننگ ٹیموں نے گلبرگ اور علامہ اقبال ٹاؤن میں کارروائیاں کرتے ہوئے بالترتیب 15 اور 10 کمرشل املاک کو سیل کیا۔ سربمہر کی گئی املاک میں نجی اسکول، ورکشاپس، فوڈ پوائنٹس، شو رومز، دکانیں اور دفاتر شامل ہیں جن کے مالکین نے کمرشل فیس جمع نہیں کروائی تھی یا وہ غیر قانونی طور پر تجارتی سرگرمیاں چلا رہے تھے۔ دوسری جانب ایل ڈی اے کے (بقیہ نمبر 40)

چین کا گروپ پنجاب میں سرمایہ کاری کرے ہم ممکن سہولت دینگے

چوہدری شافع

چوہدری شافع حسین سے انرجی سیکٹر سے وابستہ چین کی سرمایہ کار کمپنی پاوور چائنا کے وفد کی ملاقات

ہماری کمپنی بھاشا ڈیم پر بھی کام کر رہی، پنجاب کے سپیشل اکنامک زون میں انرجی سیکٹر میں سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں، یاؤ چین یانگ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے انرجی سیکٹر سے وابستہ چین کی سرمایہ کار کمپنی پاور چائنا کے وفد نے ملاقات کی۔ پبسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر ہونے والی ملاقات میں پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات (بقیہ نمبر 29)

مہنگائی، شرح نمو بارے آئی ایم ایف کی رپورٹ قابل تشویش: مدثر مسعود چوہدری

صنعتوں کی پیداواری صلاحیت بہتر بنانے کیلئے جامع حکمت عملی ناگزیر ہے' سینئر رکن پیاف

لاہور (زیڈ این این) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے آئی ایم ایف کی رپورٹ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 2027ء میں مہنگائی کی شرح 9.9 فیصد تک پہنچنے اور معاشی شرح نمو 3.5 فیصد رہنے کا تخمینہ معیشت کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے،

عالمی شہرت یافتہ امریکی ریپر کے قتل کے الزام میں سابق گینگ سربراہ کو 40 سال قید

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریپر ٹوپاک شکار کے قتل کی منصوبہ بندی کرنے کے جرم میں سابق گینگ سربراہ ڈوئین ڈیوس کو 40 سال قید کی سزا سنا دی گئی ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق 63 سالہ ڈوئین ڈیوس، جو کیفی ڈی کے نام سے مشہور ہیں

ورلڈ بینک کے وفد کا پی ایم ڈی ایف سی لاہور کا دورہ

پنجاب کے 16 شہروں میں واٹر سپلائی، سیوریج اور ڈرینیج کے ترقیاتی منصوبے جاری

لاہور (وقائع نگار) ورلڈ بینک کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے پنجاب موٹیول سروسز ڈیولپمنٹ کمپنی (PMDFC) کے ہیڈ آفس لاہور کا دورہ کیا۔ ورلڈ بینک کے وفد میں واٹر سپیشلسٹس ڈیوڈ مشا، کارلو البرٹو اور فرحان سبیح اللہ شامل تھے۔ ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی سید زاہد عزیز نے اپنی ٹیم کے ہمراہ وفد کا پرتپاک استقبال کیا اور کمپنی کے ورکنگ ماڈل سمیت 'پنجاب انکلوسیو سٹیز پروگرام' پر جاری پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ایم ڈی پی ایم ڈی ایف سی سید زاہد عزیز نے وفد کو آگاہ کیا کہ پنجاب کے 16 شہروں میں واٹر سپلائی، سیوریج اور ڈرینیج کے وسیع تر منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ ان منصوبوں میں سیوریج کی بہتری کے لیے

لاہور: صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر سے لاہور قلندر کے چیف ایگزیکٹو عاطف رانا ملاقات کرتے ہوئے

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہائپر سانک بیلسٹک میزائل فتح 2 توسیعی رینج کے شاندار تجربے پر اظہار تشکر، قوم کو مبارکباد

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہائپر سانک بیلسٹک میزائل فتح 2 توسیعی رینج کے شاندار تجربے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہائپر سانک بیلسٹک میزائل پراجیکٹ ٹیم اور قوم کو مبارکباد دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہائپر سانک بیلسٹک میزائل فتح 2 توسیعی رینج کو پاک آرمی کے سائنسدانوں اور انجینئرز کا قابل فخر کارنامہ قرار دیا۔

کے پی میں گورنر راج کی وجہ سیکیورٹی مسائل ہے: سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (زیڈ این این) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے خیبر پختونخوا کی سیاسی صورتحال اور ممکنہ گورنر راج یا ایمرجنسی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی بنیادی وجوہات سیکیورٹی کے درپیش مسائل تھے۔

کراچی۔ نوجوان کی مبینہ اغوا برائے تاوان کی واردات پر پولیس افسران آمنے سامنے، ڈی ایس پی زخمی

کراچی (این این آئی) نارتھ ناظم آباد میں نوجوان کی مبینہ مختصر دورانیے کے اغوا کے معاملے پر ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس اور اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) صدر کے افسران آمنے سامنے آ گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق کشیدگی کے دوران ڈی ایس پی شادمان کا سر پھٹ گیا، جبکہ دونوں جانب سے افسران اور اہلکاروں کو تحویل میں لینے کے دعوے بھی سامنے آئے ہیں۔ واقعے کے بعد پولیس حکام کے درمیان مذاکرات ہوئے، تاہم تنازع کے حوالے سے باضابطہ مؤقف سامنے نہیں آ سکا۔ پولیس ذرائع کے مطابق نوجوان کی مبینہ شارٹ ٹرم کڈنیپنگ میں ملوث ملزمان کی موجودگی کی اطلاع پر ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس اور ایس آئی یو کی ٹیمیں متعلقہ مقام پر پہنچیں۔

لاہور میں خنکی میں اضافہ، فضائی آلودگی تشویشناک صورتحال اختیار کر گئی

شہر میں سموگ کی اوسط شرح 163 ریکارڈ، لاہور آلودہ شہروں میں نویں نمبر پر آ گیا

لاہور (زیڈ این این) صوبائی دارالحکومت میں موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی فضا میں خنکی کا احساس بڑھنے لگا ہے، جبکہ دوسری جانب فضائی آلودگی کی صورتحال بھی شدید تشویشناک رخ اختیار کر رہی ہے۔ آج شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 19 جبکہ زیادہ سے زیادہ 21 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے

لاہور: گن صفائی کے دوران گولی چلنے سے پولیس کانسٹیبل زخمی

وزیر اعلیٰ پنجاب کے اسکواد میں شامل کانسٹیبل عمر ارشاد ٹانگ میں گولی لگنے سے زخمی ہو گئی

لاہور (زیڈ این این) بیدیاں روڈ پر واقع ملکوں کے گاؤں میں گن کی صفائی کے دوران اچانک گولی چلنے سے وزیر اعلیٰ پنجاب کے اسکواد میں شامل 26 سالہ پولیس کانسٹیبل شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کانسٹیبل محمد عمر ارشاد اپنے گھر میں بندوق کی صفائی کر رہا تھا کہ اس

بلوچستان بار کونسل کے چھ رکنی وفد نے پاکستان کی وفاقی آئینی عدالت کے معزز چیف جسٹس، مسٹر جسٹس امین الدین خان سے ملاقات

لاہور گرین ٹاؤن میں وکیل کے دفتر میں فائرنگ، ایک شخص قتل

عمر چوک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 46 سالہ عابد جاں بحق، پولیس کی کارروائی

لاہور (زیڈ این این) صوبائی دارالحکومت کے علاقے گرین ٹاؤن میں واقع عمر چوک میں ایک وکیل کے دفتر کے اندر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 46 سالہ شخص قتل ہو گیا۔ ایف آئی آر کی تفصیلات کے مطابق گرین ٹاؤن کا رہائشی 46 سالہ عابد کسی ذاتی کام کے سلسلے میں ایڈووکیٹ عرفان کے دفتر میں موجود تھا کہ اسی اثنا میں نامعلوم مسلح افراد نے داخل ہو کر ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے لیا اور کارروائی شروع کر دی۔ پولیس نے مقتول کے بھائی راشد اقبال کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر کے واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنا شروع کر دیے ہیں۔

کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ قابل مذمت: جے یو آئی (س)

ملک میں آج بھی ایوب خان، یحییٰ خان، ضیاء الحق اور پرویز مشرف سے بدترین آمریت عوام پر مسلط ہے

لاہور (زیڈ این این) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور حافظ محمد فاروق سمیت دیگر رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے۔

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین واسا مشینری کے ساتویں فلیٹ کی روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

سعودی شہر الظہران میں تیل کمپنی کی عمارت پر حوثی باغیوں کا حملہ، 4 افراد زخمی

ریاض (این این آئی) سعودی اتحاد نے کہا ہے کہ سعودی دارالحکومت ریاض اور جنوبی علاقے میں تین میزائلوں کو فضا ہی میں روک کر تباہ کر دیا جبکہ الظہران میں تیل کمپنی کی عمارت پر حملے کے نتیجے میں محدود پیمانے پر آگ لگ گئی۔ اپنے بیان میں سعودی اتحادی فوج نے کہا کہ ریاض اور جنوبی علاقے میں دو ڈرونز کو روک کر تباہ کیا گیا۔ سعودی اتحاد کے مطابق ریاض میں میزائلوں کا ملبہ گرنے سے چار افراد زخمی ہو گئے

لاہور ہائیکورٹ، قتل کیس میں عمر قید پانے والا ملزم 6 سال بعد بری

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے قتل کیس میں عمر قید پانے والے ملزم کو 6 سال بعد بری کر دیا۔ جسٹس فاروق حیدر نے ملزم سفیان کی اپیل منظور کر لی۔

کوئٹہ، سونا خان چوک پر ایمبولینس سے 60 کلو چرس برآمد، ملزم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) اے این ایف نے کوئٹہ کے علاقے سونا خان چوک کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ایمبولینس کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بین الصوبائی منشیات اسمگلنگ گروہ کے اہم کارندے کو گرفتار کیا گیا۔

پنجاب میں جنگلی حیات کا غیر قانونی شکار، 3 ملزمان گرفتار

مریم اورنگزیب کی ہدایت پر لاہور، ساہیوال اور بہاولپور میں وائلڈ لائف کی کارروائیاں

لاہور (کرائم رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیرِ قیادت محکمہ جنگلی حیات (وائلڈ لائف) نے صوبہ بھر میں جنگلی جانوروں اور پرندوں کے غیر قانونی شکار کی روک تھام کے لیے کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ ان کے قبضے سے 5 نیٹنگ گیئرز ضبط کر کے 1 لاکھ 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر لاہور ریجن شیخ محمد جوئیہ کی سربراہی میں وائلڈ لائف رینجر شیخوپورہ نے کتوں کے ساتھ جنگلی سور کا غیر قانونی شکار کرنے میں ملوث 2 ملزمان کو موقع پر گرفتار کر کے انہیں 80 ہزار روپے جرمانہ کیا اور کیس نپٹا دیا۔ دوسری کارروائی میں اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر اوکاڑہ سرفراز حسین نے بیٹر کی

لاہور میں انسدادِ ڈینگی سرویلنس تیز، متعدد مقامات سے لاروا تلف

ڈی سی لاہور کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنرز کی انڈور و آؤٹ ڈور ڈینگی کارروائیاں جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی ہدایت پر ضلع انتظامیہ لاہور کے اسسٹنٹ کمشنرز کی قیادت میں شہر بھر میں انڈور و آؤٹ ڈور ڈینگی سرویلنس اور فیلڈ کارروائیاں روزانہ کی بنیاد پر جاری ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنرز نے تمام تحصیلوں میں فیلڈ میں متحرک رہ کر ڈور مارکنگ، مائیکرو پلان پر عملدرآمد، فوگنگ اور کیمیکل اسپرے کا تفصیلی جائزہ لیا۔

لاہور میں نومبر کی قومی پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ

2 تا 8 نومبر پولیو مہم 22 لاکھ سے زائد بچوں کے لیے 6,410 ٹیمیں تشکیل

لاہور (زیڈ این این) لاہور میں 2 تا 8 نومبر 2026ء تک جاری رہنے والی 7 روزہ قومی پولیو مہم (SNIDs) کی حتمی تیاریوں کے جائزہ کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی میونسپل سروسز، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر آصف ارباب خان نیازی، تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور ہیلتھ افسران نے شرکت کی۔ سی ای او ہیلتھ نے پولیو مہم کے مائیکرو پلان اور تیاریوں پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع لاہور کے 10 ٹاؤنز اور 274 یونین کونسلز میں 22 لاکھ 85 ہزار 477 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لیے کل 6 ہزار 410 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں

پنجاب ناخواندہ قیدیوں کو تعلیم حاصل کرنے پر سزا میں معافی

پریزن رولز میں ترمیم بنیادی تعلیم مکمل کرنے والے قیدیوں کی 30 دن سزا معاف ہو گی

43 جیلوں میں ہزاروں قیدی زیرِ تعلیم، رہائی کے بعد معاشرتی بحالی کا اہم اقدام، ترجمان

لاہور (کرائم رپورٹر) حکومتِ پنجاب نے ناخواندہ سزا یافتہ قیدیوں میں مثبت تبدیلی اور اصلاح کے لیے بنیادی تعلیم حاصل کرنے پر 30 دن کی خصوصی سزا معافی دینے کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پاکستان پریزنز رولز 1978ء میں ترمیم کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ جس کے تحت منظور شدہ خواندگی پروگرام مکمل کرنے اور پڑھنے، لکھنے و حساب کتاب کی بنیادی مہارتوں کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے قیدیوں کو 30 دن کی سزا معافی دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبے کی جیلوں میں مئی 2026ء سے جاری تعلیمِ بالغاں پروگرام کے تحت اب تک 19 ہزار 578 قیدیوں کو تعلیم فراہم کی جا چکی ہے، جن میں سے 4 ہزار 88 قیدی سزا مکمل کر کے رہا ہو چکے ہیں جبکہ 11 ہزار 317 قیدی خواندگی کا امتحان کامیابی سے پاس کر چکے ہیں۔ محکمہ داخلہ نے مزید بتایا کہ پنجاب کی 43 جیلوں میں قائم 182 خواندگی مراکز میں اس

آئی جی پنجاب سے کامن ٹریننگ پروگرام کے زیرِ تربیت افسران کی ملاقات

جدید آئی ٹی ایپلی کیشنز اور محفوظ پنجاب ویژن کے تحت زیرو ٹالرنس پالیسی، آئی جی پنجاب عبدالکریم

پی ایس پی، فارن سروس اور ایڈمنسٹریٹو سروس کے 6 افسران 5 روزہ تربیتی دورے پر تفصیلی تبادلہ خیال

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے 54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے زیرِ تربیت 6 افسران نے سینٹرل پولیس آفس (CPO) میں خصوصی ملاقات کی۔ وفد میں پولیس سروس آف پاکستان کے 3، فارن سروس آف پاکستان کے 2 جبکہ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کا 1 افسر شامل تھا۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب عبدالکریم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آن گراؤنڈ پولیسنگ، فیلڈ مشاہدے اور فیصلہ سازی کا عملی تجربہ زیرِ تربیت افسران کے پروفیشنل کیریئر کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اور پولیس کے مختلف شعبوں کے امور سے آگاہی افسران کی پیشہ ورانہ گرومنگ میں معاون ثابت ہو گی۔

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

بدین میں پولیس کی کارروائیاں، 12 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور دیسی شراب برآمد

کڑیو گھنور میں چرس 1040 لیٹر دیسی شراب اور آئس برآمد، گنگا فروشی میں ملوث ملزمان بھی پکڑے گئے

ماتلی (این این آئی) ماتلی سمیت ضلع بدین کے مختلف علاقوں میں پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر کے ایک کلو 175 گرام چرس، 1205 لیٹر دیسی شراب، 1320 سفینا ساشے اور 44 گرام آئس برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان میں مبینہ منشیات فروشوں کے علاوہ ایک روپوش ملزم بھی شامل ہے۔ پولیس کے مطابق سب سے بڑی کارروائی کڑیو گھنور میں کی گئی، جہاں چرس فروشی کے الزام میں ندیم پنہور کو ایک کلو 175 گرام چرس سمیت گرفتار کیا گیا۔ اسی علاقے میں دیسی شراب کی بھٹی پر چھاپے کے دوران 1040 لیٹر شراب برآمد کر کے ذوالفقار عرف دلو پنہور، فوزیہ پنہور اور ریحانہ پنہور کو حراست میں لے لیا گیا۔

جنسی زیادتی کے الزامات کے بعد امریکی یونیورسٹی میں اسٹوڈنٹ پارٹیز پر پابندی

ایک طالبہ نے یونیورسٹی کی اسٹوڈنٹس پارٹی میں نشہ آور چیز پلا کر اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کا مقدمہ دائر کیا تھا، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی معروف کارنیل یونیورسٹی نے طالبات سے جنسی زیادتی کے الزامات اور انتظامیہ پر بڑھتی تنقید کے بعد تعلیمی سال کے اختتام تک طلبا جماعتوں کی رہائشی عمارتوں میں تمام تقریبات پر پابندی عائد کر دی۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق یہ فیصلہ 2024 میں یونیورسٹی کے ایک طلبہ کلب کی تقریب میں مبینہ اجتماعی زیادتی کے واقعے سے متعلق مقدمے کے بعد کیا گیا۔ متاثرہ خاتون، جن کی شناخت خفیہ رکھنے کے لیے جین ڈو کے نام سے کی گئی ہے، نے گزشتہ ماہ عدالت میں درخواست دائر کرتے ہوئے

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا۔ فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

لاہور صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین پاور چائنا گروپ کے وفد کے اراکین کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

پاکستان کو اکتوبر میں پہلا این جی او کول ہیٹر یونٹ میں گیس بحران کا خدشہ

سردیوں میں سوئی ناردرن کی گیس کی طلب 1550 ملین، سوئی سدرن کی 300 سے بڑھ کر 500 ملین مکعب فٹ یومیہ ہونے کا امکان

موسمِ سرما کے دوران ملک میں برآمدی صنعت، غیر برآمدی صنعت، سی این جی اور سیمنٹ کے شعبوں کو گیس دستیاب نہ ہو سکے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو اکتوبر میں ایل این جی کا پہلا کارگو موصول ہو گیا ہے تاہم سردیوں میں گیس کی فراہمی کے حوالے سے خدشات بڑھتے جا رہے ہیں۔ پاکستان کو گزشتہ روز قطر سے مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کا ایک انتہائی ضروری کارگو موصول ہوا، گیس بردار جہاز العرِیش صبح 11 بج کر 5 منٹ پر اینگرو کے ایل این جی ٹرمینل پر لنگر انداز ہوا، جبکہ دوپہر 12 بجے گیس کو دوبارہ قدرتی (بقیہ نمبر 39)

ہندو برادری کا مذہبی تہوار نوراتری جوش و خروش سے جاری، 20 اکتوبر تک جاری رہے گا

کراچی (این این آئی) ملک بھر کی طرح کراچی میں بھی ہندو برادری اپنا مذہبی تہوار نوراتری مذہبی جوش و جذبے سے منا رہی ہے، تہوار 20 اکتوبر جاری رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق تہوار کے دوران رنگا رنگ ملبوسات، موسیقی پر گربا اور ڈانڈیا رقص خوشیوں کے رنگ بکھیر رہے ہیں۔ کراچی میں نوراتری کی تقریبات میں خواتین اور لڑکیاں خصوصی دلچسپی لے رہی ہیں۔

نئے قوانین کا نفاذ، آبادی کا تناسب تبدیل کرنا اور جمعہ کے خطبات پر پابندیاں قابلِ مذمت ہیں، حریت رہنما

اسلام آباد (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں و کشمیر شاخ نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں آئے روز نئے قوانین کے نفاذ، آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششوں اور مذہبی معاملات میں مداخلت پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان اقدامات کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں و کشمیر شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی کی زیرِ صدارت اسلام آباد میں ایک اجلاس میں حریت رہنماؤں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت مقبوضہ جموں و کشمیر میں نئے قوانین اور انتظامی اقدامات کے ذریعے نہ صرف کشمیری عوام کے بنیادی حقوق سلب کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان ماموں کانجن میں واٹر فلٹریشن کا افتتاح کر رہے ہیں

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور لاہور قلندر کے درمیان اہم ایم او یو طے پا گیا

800 کالجوں اور 80 یونیورسٹیوں میں ٹیلنٹ ہنٹ کیمپس قائم کر کے گرومنگ کی جائے گی، اعلامیہ

لاہور (زیڈ این این) صوبہ پنجاب کے 800 کالجز اور 80 یونیورسٹیز میں کرکٹ کے ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی تلاش اور فروغ کے لیے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے ایک اور اہم پیشرفت کرتے ہوئے لاہور قلندر کے ساتھ شراکت داری کے معاہدے (ایم او یو) پر دستخط کر دیے ہیں۔ سی ای او لاہور قلندر رانا عاطف کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا۔

کالے بچھوؤں کی فروخت کے 24 ارب روپے بینکوں میں پھنس گئے

جرمن کمپنی کو بچھو فروخت کرنے والے پاکستانیوں کا سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے کالے بچھوؤں کی فروخت کے عوض پاکستانی بینکوں میں منتقل ہونے والی مبینہ طور پر 24 ارب روپے کی رقم جاری نہ کیے جانے سے متعلق درخواستوں پر اسٹیٹ بینک سمیت دیگر فریقین کو ایک ماہ میں جواب جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ انہوں نے جرمن کمپنی کو بچھو فروخت کیے

بلغاریہ کے قریب بحیرہ اسود میں ڈرون حملہ؛ مال بردار جہاز ڈوب

جہاز میں 16 افراد سوار تھے جن سے 5 کو دیگر تجارتی جہازوں نے بچا لیا، امدادی کارروائیاں جاری

صوفیہ (این این آئی) بلغاریہ کے ساحل کے قریب بحیرہ اسود میں ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک مال بردار جہاز ڈوب گیا جس کے بعد عملے کے 11 ارکان لاپتا ہو گئے۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق بلغاری حکام نے بتایا کہ گنی بسا کے پرچم تلے چلنے والا مال بردار جہاز ایچ ایس ڈگنٹی ساحل سے تقریباً 15 بحری میل دور ڈوب گیا۔ جہاز میں 16 افراد سوار تھے۔

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ داتا دربار میں جاری تعمیراتی کاموں کے جائزہ کے دوران حکام کو ہدایات دے رہے ہیں

رحمان بابا ایکسپریس حادثہ فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز انکوائری افسر مقرر

پاکستان ریلویز رحمان بابا ایکسپریس ڈی ریلمنٹ کی تحقیقات 17 اور 18 اکتوبر کو ہوں گی، حکام

لاہور (زیڈ این این) فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز عامر نثار چودھری 17 اور 18 اکتوبر 2026ء کو پاکستان ریلویز ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ملتان کے کمیٹی روم میں رحمان بابا ایکسپریس (47 اپ) کی ڈی ریلمنٹ (پٹڑی سے اترنے) کی وجوہات جاننے کے لیے باضابطہ انکوائری کریں گے۔ انکوائری کا آغاز صبح 0009 بجے ہو گا۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق اگر کوئی شخص اس حادثے کے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات یا شواہد رکھتا ہو تو وہ مذکورہ تاریخوں پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ملتان کے کمیٹی روم میں فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز کے سامنے پیش ہو کر براہِ راست ثبوت فراہم کر سکتا ہے۔ علاوہ ازیں شہری یا حادثے کے متاثرین 22 اکتوبر 2026ء تک تحریری طور پر بھی اپنی معلومات "فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز، پاکستان ریلویز ہیڈ کوارٹرز آفس، علامہ اقبال روڈ، لاہور" کے پتہ پر ارسال کر سکتے ہیں۔

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، سی ای او لاہور قلندرز عاطف رانا کھیلوں کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں دوسری جانب پریس بریفنگ

لاہور قلندرز اور ہائر ایجوکیشن کا طلبا کیلئے کرکٹ کے مواقع بڑھانے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پنجاب بھر میں کھیلوں کے فروغ اور طلباء کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیے لاہور قلندرز کی کاوشوں کو سراہتے ہیں، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

ٹیلنٹ پاکستان کے ہر کونے میں موجود ہے، اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ اس ٹیلنٹ کو نکھرنے کے مواقع فراہم کریں، سی ای او لاہور قلندرز عاطف علی رانا

لاہور (محمد عاصم راجہ سے) لاہور قلندرز، محکمہ ہائر ایجوکیشن، حکومت پنجاب اور HRL نے سرکاری کالجز میں کرکٹ کے فروغ اور نوجوان طلباء کے لیے کھیلوں کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے بطور پارٹنر اشتراک کر لیا ہے اس اشتراک کا مقصد پنجاب کے کالج سسٹم میں ابھرتی ہوئی کرکٹ صلاحیتوں کی شناخت، پرورش اور ترقی کے لیے ایک منظم راستہ قائم کرنا ہے HED کے تعلیمی اداروں کے وسیع نیٹ ورک، لاہور قلندرز کی ٹیلنٹ کی شناخت اور پروفیشنل کرکٹ ڈویلپمنٹ میں مہارت، اور HRL کے اسٹریٹجک پارٹنر کے کردار کو یکجا کر کے، یہ اقدام پاکستان میں کرکٹ کے مستقبل کے لیے مضبوط بنیاد بنانے کی کوشش ہے۔ شراکت داری سرکاری کالجز میں کرکٹ ٹرائلز کے انعقاد پر توجہ دے گی باصلاحیت طلباء کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور مزید تربیت و ترقی کی جانب بڑھنے کے مواقع فراہم کرے گی یہ اقدام کھیلوں میں طلباء کی زیادہ سے زیادہ شرکت کی حوصلہ افزائی، صحت مند مسابقت کے کلچر کو فروغ دینے اور کرکٹرز کی اگلی نسل کی دریافت اور پرورش میں تعلیمی اداروں کے کردار کو (بقیہ نمبر 42)

کیپس سکولز کی سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب کا الحمراء آرٹس کونسل میں شاندار انعقاد

آخر میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء میں انعامات اور شیلڈز تقسیم کی گئیں

لاہور (سٹاف رپورٹر)۔ کیپس سکولز کی سالانہ تقسیم انعامات کی پروقار تقریب آج الحمراء آرٹس کونسل، لاہور میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں کیپس سکولز کے تمام کیمپسز سے انعام یافتہ طلباء و طالبات، میٹرک بورڈ کے نمایاں پوزیشن ہولڈرز اور ٹاپرز نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے مہ